ملکوتی چنگاری

راجندر سِنگھ جی مہاراج

• :یدی کتاب

SPARK OF THE DIVINE

اشاہ ••اوّل : 2017

ساون کرپال پبلیکیشنز اسپریچویل سوسائٹی

• کرپال آشرم، • کرپال سنگھ مارگ، وجے نگر، دِلّی-110009

فون: 011-27117100

Website : www.sos.org

E-mail: skpindia@sos.org

Printed by : Newtex Print n Pack, Shahdara Delhi-32

انتساب

یہ کتاب منسوب ہے

• ... کرپال سِنگھ جی مہاراج

و

• ... درشن سِنگھ جی مہاراج

کو

جنھوں نے ملکوُتی چنگاری دُنیا بھر کے لوگوں کے دلوں میں روشن کی ... کہ وہ اس کی محبّت، سکون اور روشنی کا تجربہ کرسکیں۔

شکریہ

•

میں اپنے محترم رُوحانی َ ••ووَں، •• ۔ کر•ل سنگھ جی مہاراج (1894-1974) و• ۔۔ درشن سنگھ جی مہاراج (1921-1989) کے تئیں شکرَ •او ہو• چاہوں گا کیو •اُن کے ملکوتی •ِکرم سے متجسّس رُوحانی 'روشنی' و'رد•ا ۔۔' کے تئیں بیداری آئی اور وُ• منوّر ہوئی۔

میں اپنی بیگم محترمہ ریتا جی کے تئیں، اُن کی محبت و ہمراہی کے لیے شکرَ •اری و تعظیم پیش کر• چاہوں گا۔ میں •سوں سے دیئے گئے اُن کی قیمتی حما•ی ۔۔ و حوصلہ افزائی کے لیے نیز• ۔۔۔ َ •و کے ملکوتی مشن میں ان کی سپردگی و بے لوث •مت کے لیے اُن کا شکرَ •ار ہوں۔

میں قادرِ مُطلق کے تئیں تہہِ دل سے اظہارِ ممنو ۔ کر• چاہوں گا جن سے سبھی چیزیں رواں دواں ہیں۔

دو ••• ملی جہان کی، •م و •ں ملے
• •ب• کچھ• • ہمیں نہ •مہر•ں ملے

پہلے بھی جیسے دیکھ چکے ہوں اُنھیں کہیں
ا •ن وادیوں میں کچھ ایسے •ں ملے

• •ھتا •ے میں منزلِ محبوب کی طرف
حائل اَ •چہ راہ میں سنگِ •اں ملے

• رو• پڑا نصیب کے ہاتھوں ہزار •ر
اک •ر مُسکرا کے جو تم •مہر•ں ملے

ہم کو خوشی ملی بھی تو بس عارضی ملی
لیکن جو غم ملے وہ غمِ جاوداں ملے

• •قی رہے گی حشر• •اُن کے کرم کی •د
مجھ کو رہِ حیات میں جو مہر•ں ملے

پھر کیوں کرے تلاش کوئی اور آستاں
وہ خوش نصیب جس کو تیرا آستاں ملے

ساقی کی اک نگاہ سے کا• پلٹ گئی
زاہد جو میکدے میں ملے نوجواں ملے

• •یں تلاش کرتی رہیں جن کو عمر بھر
•رشن کو وہ سکون کے لمحے کہاں ملے

—— • •••ورشن سنگھ جی مہاراج

رازِ نہاں تھی زندگی، رازِ نہاں ہے آج بھی
وہم وگماں ازل میں تھی، وہم گماں ہے آج بھی

جذبۂ دل کو عمل میں کبھی لاؤ تو سہی
اپنی منزل کی طرف پاؤں بڑھاؤ تو سہی

فہرست

I

چنگاری کو جلانا

II

چنگاری کو جلائے رکھنا

III• ••••• •

دائمی چنگاری

پیش لفظ

ہم سبھی کے اندر ایک ملکوتی چنگاری پوشیدہ ہے۔ ہم اس کی تلاش بہت دُوری پر واقع 'کویساروں' (Quasars) میں یا ایٹم کے کم ترین 'کوارکوں' (Quarks) میں کرتے ہیں۔ لیکن اس کے راز ہمارے اندر پوشیدہ رہ جاتے ہیں۔

یہ کتاب 'ملکوتی چنگاری' اس قادرِ مطلق کے تئیں کیے گئے سفر کا بیان کرتی ہے۔ یہ محض چند لوگوں کے لیے نہیں ہے، بلکہ یہ سبھی کے لیے دستیاب ہے۔ لافانی دھوپ کا لطف اٹھانے کے لیے ہمیں اپنے اندر جھانکنا ہوگا۔ مراقبہ کے ذریعے ہم اندرونی 'روشنی' اور 'صدائیں' کو دیکھ اور سُن سکتے ہیں۔ اس لہر میں محو ہونے پر ہمیں شعور کے رُوحانی علاقوں کا احساس ہوتا ہے۔ مراقبہ کے اس طریقہ کو سبھی مذاہب، ممالک اور تہذیبوں کے لوگ اپنا سکتے ہیں۔ اس کے لیے کسی سخت آسن یا انداز کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم آرام دہ حالت میں بیٹھ کر اپنی رُوح کی پُرسکون گہرائیوں میں لافانی روشن باطنی مناظر کا احساس کرتے ہیں۔ جیسے روشنی کی ایک کرن واپس سورج کی طرف لے جاتی ہے، ویسے ہی باطن کا سفر اس روشنی و صدا کی لہروں کے ذریعے ملکوت کے مرکز کی طرف لے جاتا ہے۔ مراقبہ کے ذریعے ہم اُس چشمے میں محو ہو سکتے ہیں نیز لامحدود شعور، لافانی سکون اور مسلسل لطف کا تجربہ کر سکتے ہیں۔

یہ کتاب رُوحانی بیداری کا ای• آسان طر• •پیش کرتی ہے، جسے ہم اپنا• •ة
ہیں۔ جس طرح َ •می حاصل کرنے کے لیے ہم آگ جلاتے ہیں، اُسی طرح ہمیں
• •طن میں رُوحانی چنگاری کو جلانے کی ضرورت ہے۔ای •• ر یہ چنگاری جل جائے، تو
اِسے جلائے و • کے لیے ہمیں اس کی دیکھ بھال کرنی ہوگی۔ جیسے جیسے یہ ہمیں روشن
کرتی ہے، ہم اپنی لافانی روشنی سے ایسے منوّر ہوتے ہیں کہ یہ ہم سے سبھی ملنے والوں
کی طرف منتشر ہوتی جاتی ہے،• • • کہ ساری دُ• ملکوتی روشنی سے بھرپور اور
جاوداں محبت، سکون اور لافانی لطف سے شرابور نہیں ہو جاتی۔

راجندر سنگھ

اگست 2011

چنگاری کو جلانا

1. چنگاری کی تلاش
2. خوبصورتی اور لافانی لُطف کے طبقے
3. ملکوتی چنگاری

1

چنگاری کی تلاش

ہم• • کے •طن میں خُدا کا نوُر موجود ہے۔ ہمارے •طن میں خوبصورت طبقات، • قابلِ تصوّر خوبصورت •رے، موسیقی اور پیار کا سرچشمہ موجود ہے، جو ہمیں ہر وقت اپنی طرف بلا• ہے۔ خُدا کا یہ نور ہر وقت جگمگا رہا ہے۔ سائنسدانوں نے کروڑوں ڈالر •چ وکیے• کہ وہ• •ن کی ابتدا کے متعلق جان سکیں۔ انھوں نے ٹیلی اسکوپ کے ذریعے خلاؤں میں جھانکا اور• • کا• • سے چھوٹے چمکدار ذرّہ، جو کہ بہت تیز رفتاری سے حو•• کر• ہے، کا تفصیلی مطالعہ کیا ہے اور اسے گاڈ •رٹیکل (God-particle) کا •م دیا ہے۔ پوری دُ• کے مذاہب کے بہت سے لوگ بیرونی پہلوؤں کو اختیار کر کے خُدا کی تلاش میں ہیں۔ لیکن پھر بھی زیادہ تر لوگوں کے لیے خُدا• •سربستہ راز ہے۔

اس حوالے سے •انے زمانے کے لوگوں کے متعلق آگ کی دریافت سے پہلے کی• •کہانی ہے۔ وہ صرف دن کے وقت سُورج کی روشنی کے متعلق جا• •تھے۔ رات کے وقت چمکتے ستارے اور ہر رات چا• کی مختلف اشکال اور چا•• •آنے والی روشنیاں انھیں خوفزدہ اور حیران کرتی تھیں۔ • •رات چھا جاتی تو ان کی تمام سرَمیاں ختم ہو جاتی تھیں۔ یہ ا•ھیرے کے اوقات ان کے لیے جانوروں کی طرف سے بھی • •خطرہ تھے۔ مخصوص ز•گی بہت مشکل تھی۔

ان میں ایک فرضی داستان مشہور تھی، کہ ایک عظیم انسان سورج کی روشنی جیسی روشنی پیدا کرے گا۔ لوگ اس شعلہ بردار کی کہانی اپنے بچّوں کو سنایا کرتے تھے، لیکن کسی نے بھی اپنی زندگی میں اس پُراسرار شعلے کو نہیں دیکھا تھا جسے اس عظیم شخص نے قابو کیا ہوا تھا۔ لوگ گفتگو کیا کرتے تھے کہ اگر ہم اس شعلے کو تلاش کر لیں تو ہماری زندگی کتنی حیران کُن اور روشن ہو جائے گی۔ لیکن انہیں یہ بھی یقین تھا کہ وہ اس شعلے کو تلاش نہیں کر سکتے۔ اس لیے جب کبھی کوئی شخص اس شعلے کو تلاش کرنے کی بات کرتا تو اس کا مذاق اُڑایا جاتا۔ بادشاہ نے اعلان کر رکھا تھا کہ جو شخص اس پُراسرار شعلے کو تلاش کرے گا اسے قیمتی انعامات سے نوازا جائے گا۔

ایک دن اس گاؤں کا ایک شخص جو اپنی غربت کی وجہ سے بہت افسردہ تھا، اس نے روزی کی تلاش میں بہت سے کام کیے لیکن وہ اپنی اور اپنے خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے میں ناکام ہو رہا تھا۔ وہ خوراک اور لباس کی ضروریات ہی پوری نہیں کر پا رہا تھا، جب کہ اس کے گاؤں کے امیر لوگوں کے پاس عیش و عشرت کا سامان بھی میسّر تھا۔ اس شخص نے بھی بادشاہ کی طرف سے اِس پُراسرار شعلے کی دریافت کرنے والے کو انعام دینے کی خبر سنی جو لوگوں کی زندگی میں تبدیلی لا سکے۔

اس نے اپنے خاندان والوں اور دوستوں کو بتایا کہ میں نے اپنے گھر کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی ہے۔ میں اب اس شعلے (روشنی) کی تلاش میں جا رہا ہوں۔ انھوں نے سوچا یہ شخص پاگل ہے۔ کیونکہ کسی بھی شخص نے اس شعلے کو نہیں دیکھا تھا۔ اور اس شعلے کو ایک فرضی داستان سمجھا جاتا تھا۔

اُس کے دوستوں نے اُسے سمجھایا: ''روزی کمانے کے لیے کوئی عملی کام تلاش کرو۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ تُم اس شعلے کو تلاش کرنے جا رہے ہو، تو یہ ایک فضول کوشش ہو گی۔

ایک رات اس آدمی نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا جس نے اسے بتایا کہ وہ دوسری سلطنت میں جائے جہاں اسے یہ شعلہ ملے گا۔ آدمی نے اپنے خواب کو حقیقت

سمجھتے ہوئے دوسری سلطنت میں جانے کا فیصلہ کیا۔ وہ اس جگہ پہلے کبھی نہیں گیا تھا اور وہاں کے لوگوں سے ناواقف تھا۔ ایک سپاہی نے اسے اِدھر اُدھر گھومتے دیکھا اور اسے جیل لے گیا۔ سپاہی نے پوچھا کہ وہ دن رات اِدھر اُدھر گھوم کر کیا کر رہا تھا؟ آدمی نے وضاحت کی کہ میں اس فرضی شعلے کی تلاش میں ہوں۔ میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس میں مجھے بتایا گیا تھا کہ میں اسے یہاں تلاش کرلوں گا۔ سپاہی نے وضاحت کی کہ تم ایک بیوقوف انسان ہو۔ میں نے اُس شعلے کی تلاش کے بہت سے خواب دیکھے ہیں۔ وہ صرف خواب ہیں۔ میں ان کو نظرانداز کر رہا ہوں، کیونکہ یہ بیکار ہے۔ ایک دفعہ میں نے ایک خواب دیکھا، جس میں مجھے بتایا گیا کہ میں اگلے گاؤں کے ایک غریب اور ٹوٹے ہوئے گھر کے قریب جاؤں جو کہ ایک چھوٹی پہاڑی کے نزدیک ہے اور اس میں ایک غار ہے۔ غار کے دہانے پر ایک بڑا پتھر پڑا ہے، جس پر دو لکڑیوں (چھڑیوں) کی تصویر بنی ہوئی ہے، مجھے خواب میں بتایا گیا تھا کہ مجھے وہاں وہ شعلہ ملے گا۔ لیکن میں وہاں نہیں گیا تھا، کیونکہ خواب سچے نہیں ہوتے۔ سپاہی جب اپنا خواب بتا رہا تھا تو کسان کو بہت حیرانی ہوئی کیونکہ وہ جس گھر کا ذکر کر رہا تھا وہ بالکل اس کسان کے گھر جیسا تھا۔ سپاہی نے اُسے کہا کہ وہ اپنے گاؤں واپس چلا جائے کیونکہ وہ یہاں پر کہیں بھی اس شعلے کو نہیں ڈھونڈ سکتا۔ یہ صرف ایک فرضی داستان ہے۔

گھر واپسی کے سفر کے دوران کسان بہت خوش تھا کیونکہ اُس کا خیال تھا کہ شاید وہ شعلہ اس کے گھر کے پیچھے موجود پہاڑی میں ہو۔ آدمی گھر پہنچا اور پھر سپاہی کے بیان کردہ غار کی طرف چل دیا۔ وہاں پہنچ کر اُس نے دیکھا کہ ایک پتھر پر دو لکڑیاں بنی ہوئی تھیں، اس پتھر کو وہ اپنے بچپن سے دیکھتا آ رہا تھا۔ اُس کا خیال تھا کہ بہت سال پہلے کچھ بچوں نے کھیلتے ہوئے یہ تصویر بنائی ہوگی، لیکن اُس نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ اس تصویر کا کوئی مقصد بھی ہو سکتا ہے۔

کسان سے پہلے کوئی بھی شخص اس غار میں نہیں گیا تھا کیونکہ لوگ وہاں جنگلی جانوروں

کے چھُپے ہونے سے خوفزدہ تھے، وہ ہم شعلے کی تلاش میں گہری دلچسپی لے رہے تھے۔ وہ اپنے دل سے تمام خوف ختم کرتے ہوئے غار میں داخل ہوا۔ غار کے دہانے کے قریب دن کی روشنی میں آدمی نے ایک لکڑیوں کا ڈھیر دیکھا، اس لکڑیوں کے ڈھیر کے نیچے اس نے کچھ سیاہ رنگ کے پتھر دیکھے۔ اچانک اس کی نظر ان پتھروں کے نیچے چمکتے ہوئے رنگ کے ٹکڑے پر پڑی۔ اُس نے آہستگی سے پتھر اُٹھائے تو وہ حیران رہ گیا کیونکہ اُس نے ایسی کوئی چیز اپنی زندگی میں پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی، سیاہ پتھروں کے نیچے یہ روشنی کا ایک انگارہ تھا، اُسے اس منظر نے اتنا حیران کیا کہ وہ سانس لینا بھول گیا۔ پھر اُس نے ہانپتے ہوئے کہا، اوہ! میری خوش قسمتی! یہ وہی ہے۔ روشنی کو مزید قریب سے دیکھنے کے لیے اس نے انگارے پر پھونک ماری اور اچانک یہ انگارہ ایک شعلہ بن گیا۔ کسان نے اس شعلے کی تلاش میں بہت دور دراز سفر کیا جبکہ یہ اُس کے گھر کے پیچھے ہی موجود تھا۔ کسان نے بادشاہ سے انعام پانے کے لیے نہ صرف شعلہ تلاش کیا اور اپنے گھر والوں کے لیے مال ودولت لایا بلکہ اُس نے آگ بھی دریافت کی، جس نے لوگوں کی زندگی کو بہتر بنایا اور پوری دنیا کو روشن کیا۔ اب لوگوں کے پاس رات کو روشن کرنے، جانوروں سے حفاظت، کھانا پکانے، اوزار بنانے کے لیے لوہا پگھلانے اور اپنی زندگی کو آسان بنانے کے لیے آگ موجود تھی۔ یہ چھپا ہوا شعلہ ہمیشہ سے موجود تھا لیکن لوگ نہیں جانتے تھے کہ اُسے کہاں تلاش کریں۔

اسی طرح ہمارے اندر بھی ایک چھپی ہوئی روشنی (نور) موجود ہے جس سے ہماری زندگی بہتر ہو سکتی ہے۔ یہ روشنی ہمیں دانائی، دائمی خوشیاں، سچا پیار، خوف سے نجات اور ابدی زندگی بخش سکتی ہے۔ یہ روشنی ہمارے دل ودماغ کو روشن کرتی ہے اور ہمارے پُراسرار سوالات کے جواب مہیا کرتی ہے، مثلاً ہم یہاں کیوں ہیں؟ ہم کہاں سے آئے ہیں؟ مرنے کے بعد ہم کہاں جائیں گے؟

سائنس دانوں کی طرح ہم بھی ان سوالوں کے جواب آسمانوں پر اور زمین کے

اندر تلاش کر رہے ہیں، ہم ان جوابات کو عبادت گاہوں میں، اپنی مقدس کتابوں میں اور حج کے مقامات پر تلاش کرتے ہیں، لیکن ہمیں اس دانائی کو پانے کے لیے باہر کی کِسی تلاش کی ضرورت نہیں۔ یہ روشنی ہم میں سے ہر ایک کے باطن میں موجود ہے۔ جب ہم اس چمکتی ہوئی روشنی کو اپنے باطن میں دریافت کر لیتے ہیں تو ہم خُدا کے نظاروں کو دیکھنے لگتے ہیں۔ اندر کی خوبصورتی، لامحدود پیار، بے انتہا خوشی اور لابیان سرمستی و سرشاری کا تجربہ کرنے لگتے ہیں۔

یہ کتاب اپنے اندر اُس ملکوتی چنگاری کو دریافت کرنے کے لیے ایک رہنما ہے۔ اس میں ہم جان سکیں گے کہ اس چنگاری کو آگ میں بدل کر اپنی زندگی کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں۔ اس آگ کو کس طرح برقرار رکھا جا سکتا ہے اور کس طرح اسے مزید بھڑکایا جاسکتا ہے تاکہ یہ پوری آب و تاب سے چمکے۔ جس طرح آگ نے دنیا بدل دی ہے، اِسی طرح اس ملکوتی چنگاری کو اپنے باطن میں جلانے سے ہماری زندگیاں بدل جائیں گی۔

ذاتی غور و فکر

اپنی زندگی پر اس کے لمحات پر غور و فکر کریں، جب آپ نے خود رب کے بارے میں غور کیا ہے۔ اگر آپ بھی اپنے اندر پاک روشنی کو پالیں، تو آپ کی زندگی کیسے تبدیل ہوگی؟

2

خوبصورتی اور لافانی لُطف کے طبقے

پُرانے زمانے سے سفر کرنے والوں کے لیے قطبی ستارہ راستے کی رہنمائی کر رہا ہے۔ بالکل اِسی طرح ملکوتی چنگاری بھی اپنے آپ کو جاننے اور خُدا کو پانے (خود شناسی اور خُدا شناسی) کی طرف ہماری رہنمائی کرتی ہے۔ یہ سفر ربی چنگاری کو اپنے باطن میں پانے کے لیے اپنے اندر جھانکنے کا ہے۔ باطنی روشنی اور آواز کا مراقبہ وہ طریقہ ہے جس کے ذریعے ہم اس چنگاری تک پہنچ سکتے ہیں۔

ہر دور، مذہب، عقیدے اور ثقافت کے لوگ آواز اور روشنی کے مُراقبہ کی مشق کرتے ہیں۔ اس مراقبہ کا سادہ سا طریقہ ہمیں جسم و جسمانیت سے اوپر لے جا کر عظیم الشان رُوحانی خوشی اور خوبصورتی کے عالم میں لے جاتا ہے۔ یہ نورِ مجسم لوگ خواہ صوفی، ولی اللہ، رُوحانی استاد یا مذہبی پیشوا ہوں، ان سب نے یہ باطنی سفر کیا اور اپنے پیروکاروں کو بھی اس کا طریقہ سکھایا۔ کئی صدیوں تک یہ طریقہ فقرائے کاملین اپنے پیروکاروں کو زبانی منتقل کرتے رہے۔ پُرانے زمانے میں ان کے پیروکاروں کی تعداد بہت کم تھی جو یہ طریقہ سیکھتے تھے، لیکن اس کے برعکس آج کے اِس دور میں رُوحانیت کے دروازے ہر ایک کے لیے کھلے ہیں۔ صرف پچھلی صدی ہی میں لاکھوں لوگوں نے جسم و جسمانیت سے اُوپر اُٹھنے کا طریقہ سیکھا۔

درحقیقت جولوگ اسے سیکھنا چاہتے ہیں وہ ذرائع ابلاغ مثلاً کتابوں، ریڈیو، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ اور ہر قسم کے آلات کے ذریعے اسے تلاش کرتے ہیں۔ یہ طریقہ ہراُس شخص کے لیے کھلا ہے جو اس رُوحانی سفر کی تلاش میں ہے۔ اس کائنات میں سفر کے لیے ہم خلائی جہاز استعمال کرتے ہیں۔ جس میں عمل احتراق کے ذریعے خلائی جہاز اوپر اُٹھنے اور آگے بڑھنے کے قابل ہوتا ہے۔ وہ کششِ ثقل سے باہر نکل جاتا ہے اور خلا میں داخل ہوتا ہے۔ اپنے باطن میں رُوحانی طبقات میں سفر کے لیے ملکوتی چنگاری جلائی جاتی ہے جو ہماری رُوح کو باطنی سفر پر آگے کی طرف لے جاتی ہے۔

ایک رُوحانی اُستاد (مرشدِ کامل) بیعت کے وقت ہمارے اندر یہ ربّی چنگاری جلا دیتا ہے۔ خلائی جہاز کی دوربین سے بیرونی ستاروں اور کہکشاؤں کو دیکھنے کی بجائے، مرشدِ کامل ہمیں مراقبہ کا طریقہ سکھاتے ہیں، جس سے ہمارے لیے باطنی دوربین (باطنی آنکھ) کھل جاتی ہے۔

اس ربّی چنگاری کے جلنے سے ہماری رُوح اندر کی طرف اپنے سفر کا آغاز کرتی ہے۔ ہمارے باطنی سفر کے لیے یہ دوربین ہماری دونوں بھنوؤں کے درمیان اور اس کے پیچھے واقع ہے۔ اس مقام کو مختلف زبانوں میں رُوح کا مقام، نقطۂ سیاہ، تیسری آنکھ، دسواں دروازہ اور تیسرا تِل کے نام سے پکارا جاتا ہے جیسا کہ تُلسی صاحب نے اس شعر کے ذریعے فرمایا ہے:

پُتلی میں تِل ہے تِل میں بھرا راز کُل کا کُل
اس پردۂ سیاہ کے ذرا پار دیکھنا

رُوحانی خوشی اور خوبصورتی کی دُنیاؤں کا اندرونی سفر

جب ہم اپنے باطن میں دیکھتے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ ہمیں ایک ربّی چنگاری نظر آئے، اچانک اندر آنے والی روشنی، روشنی کے دائرے یا کسی بھی رنگ کی روشنی نظر آ سکتی

ہے۔ ہم اپنے اندر باطنی آسمان، ستارے، ایک چاند یا ایک سورج دیکھ سکتے ہیں۔ جو کچھ ہمیں باطن میں دِکھائی دے، اس پر ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے رہیں تو ہمیں مرشد پاک کی نورانی صورت نظر آتی ہے، جو کہ باطنی طبقات میں ہماری رہنمائی کرے گی۔ ہو سکتا ہے کہ ہمارا خیال ہو کہ ہماری زمین بہت بڑی ہے اور اس کا نظام شمسی زمین سے بھی بہت زیادہ بڑا ہے۔ ہماری سوچ میں تمام نظام شمسی اور کہکشائیں ناقابل بیان حد تک وسیع ہیں۔ لیکن پھر بھی ہماری یہ مادّی دُنیا باطنی رُوحانی طبقات کے مقابلے میں بہت چھوٹی ہے۔ وہاں اکیلے سفر کے متعلق سوچنا خطرناک ہے۔ ایک رُوحانی رہنما کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہم ان وسیع وعریض طبقات میں کھو نہ جائیں بلکہ اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ جائیں۔ ہماری منزل خُدا کو پانا ہے جس نے یہ تمام طبقات پیدا کیے ہیں۔

یہ سفر معجزات، پیار، خوشی اور مسرّت سے بھرپُور ہے۔ ہوسکتا ہے ہماری جسمانی آنکھیں بیرونی خوبصورتی کو دیکھ کر خوش ہوں، لیکن جب ہم اپنی باطنی آنکھ سے دیکھتے ہیں تو وہاں کے نظارے حیران کن ہیں۔ یہ دیکھنے سے کہیں آگے ہیں، کیونکہ اپنے باطن میں ہونے والے ان روشنیوں اور آوازوں کے مشاہدے سے ہمیں پیار اور رُوحانی خوشی ملتی ہے۔

باطنی سفر کی ہلکی سی جھلک محسوس کرنے کے لیے تصور کریں کہ اگر آپ کو کسی سے پیار ہو تو آپ کیسا محسوس کرتے ہیں۔ ہم اپنے محبوب کو اِن جسمانی آنکھوں سے دیکھتے ہیں لیکن ہم پیار کو اپنے اندر سرایت کرتا ہوا محسوس کریں گے۔ بالکُل اسی طرح باطنی دُنیا میں سفر کے دوران اِن نظاروں کو دیکھنے یا آوازوں کو سننے کے تجربے سے کہیں بڑھ کر ہے۔ یہ ایک ایسا تجربہ ہے جس میں ہمیں بہت پیار ملتا ہے اور ہماری رُوح پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔

مادّی اور لطیف طبقے کا درمیانی علاقہ

مُرشد پاک کی رہنمائی میں ہم مادّی اور لطیف طبقے کے درمیانی علاقے میں سفر کرتے ہیں۔ ہم مُرشد پاک کی مدد سے اس درمیانی علاقے میں سے تیزی سے گزر جاتے ہیں۔ جن لوگوں کو موت کے قریب کا تجربہ ہوا ہے وہ اسی علاقے میں پہنچتے ہیں۔ جب وہ روشنی کی دنیا کا ذکر کرتے ہیں، جہاں پر وہ پہنچے جبکہ اُن کا جسم نیچے آپریشن کے کمرے میں حادثے کے بعد بے جان پڑا تھا، تو وہ اِسی علاقے کی بات چیت کر رہے تھے جو کہ اس کثیف اور لطیف طبقے کے درمیان ہے۔

موت کے قریب کے اس تجربے میں وہ صرف مادّی جسم سے اُوپر اُٹھ پائے، جس سے وہ یہ سمجھنے کے قابل ہوئے کہ مادّی جسم کے آگے کچھ اور بھی ہے۔ اگر صرف ایک یا دو لوگ اس موت کے قریب کے تجربے سے گزرتے تو شاید اسے تصوراتی اُڑان سے تعبیر کیا جاتا، لیکن جب پوری دنیا کے ڈاکٹروں اور طبّی ماہرین کے سامنے اس طرح کے کیس آئے جن کے مشاہدات ملتے جلتے تھے تو اُنھیں اس کی صداقت کا یقین ہوا۔ موت کے تجربے کے حوالے سے ہونے والے گلوپ پول (Gallup poll) کے مطابق تقریباً تیرہ لاکھ لوگوں کو اس کا تجربہ ہُوا ہے۔ ان سب کے مشاہدات یکساں تھے۔ درحقیقت جن لوگوں نے اِس تجربے کے متعلق پہلے کبھی نہیں سُنا تھا۔

وہ بھی اس تجربے سے گزرے اور اُن کے تجربات بھی دوسروں سے ملتے جُلتے تھے۔ موت کے قریب کے تجربے کی شہرت ۱۹۷۰ء میں ہوئی، جب لوگوں نے اپنے ان واقعات کو قلمبند کیا۔ جب وہ حادثے کے بعد طبّی طور پر مُردہ قرار دے دیئے گئے تھے۔ لیکن جب وہ اپنے مادّی جسم میں واپس آئے تو اُن سب کا ایک ہی پیغام تھا کہ اس زندگی کے بعد بھی زندگی ہے۔ ۱۹۷۰ء سے اِن تجربات پر بہت سی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ پوری دنیا میں لوگوں کو اِس عجیب وغریب واقعہ کا تجربہ ہُوا۔ ان واقعات میں وہ

لوگ شامل ہیں جو کسی بھی حادثے کے بعد مردہ قرار دیئے گئے اور اُنھوں نے اپنے آپ کو جسم سے الگ ہوا میں تیرتا ہوا پایا اور کمرے میں ہونے والی تمام سرگرمیوں کو دیکھا اور سُنا۔ اُنھوں نے طبّی عملے کو اپنے جسم پر کام کرتے ہوئے دیکھا۔ اِن میں سے کچھ دیواروں کو پار کر گئے اور انتظار گاہ میں بیٹھے ہوئے اپنے رشتہ داروں کو دیکھا یا کئی میل دور مختلف شہروں میں بیٹھے ہُوئے اپنے رشتہ داروں کی گفتگو سُنی۔ جب یہ مریض دوبارہ زندہ ہوئے اور اِن تجربات کا ذکر کیا تو اُن کے رشتہ داروں نے اُس گفتگو کی تصدیق کی جبکہ مریض (اس گفتگو کے دوران) آپریشن ٹیبل پر مُردہ پڑا ہوا تھا۔ جب اُس نے یہ سب کچھ دیکھا اور سُنا۔

رشتہ داروں کی گفتگو سُننے کے بعد موت کے قریب کے تجربے کے حامل افراد نے اپنے آپ کو ایک اندھیری غار میں سے گزرتے ہوئے پایا جہاں سے وہ روشنی کی دُنیا میں داخل ہوئے۔ جس روشنی کا وہ ذکر کر رہے تھے وہ مادّی دُنیا کی روشنی سے کہیں زیادہ تھی لیکن اس میں تپش نہ تھی۔ اُن میں سے کچھ لوگوں کی ملاقات روشنی کے ایک فرشتے سے ہوئی، جس نے اُنھیں اتنا پیار دیا جس کا اُنھیں کبھی اس دُنیا میں تجربہ نہیں ہُوا تھا، اس روشنی کے فرشتے نے اُنھیں بہت پیار سے گلے لگایا۔ اُن میں سے بہت سے لوگوں نے بتایا کہ اس روشنی کے فرشتے نے اُنھیں گزاری گئی زندگی کا دوبارہ تجربہ کرایا جس میں اُنھیں اپنے پچھلے تمام خیالات اور قول و فعل کا تجربہ ہُوا۔ جن لوگوں کو یہ تجربہ ہُوا اُن کا کہنا ہے کہ یہ تجربہ سہ رُخی فلم دیکھنے کے مترادف تھا جس کا مرکزی کردار وہ خود تھے۔ اور اپنی زندگی کا مشاہدہ کرنے والے بھی۔ اُنھوں نے اپنے اعمال کے دوسروں کی زندگی پر اثرات کا مشاہدہ کیا۔ اگر اُنھوں نے کسی کو تکلیف دی تھی تو اُنھیں دوسروں کی تکلیف کا تجربہ ہُوا۔

اگر وہ کسی کے لیے خوشی کا سبب بنے تو اُنھیں اس خوشی کا بھی تجربہ ہُوا۔ اِس طرح وہ اپنی زندگی کو دوبارہ دیکھنے سے دوسروں کے احساسات جان سکے۔ جو لوگ اِس

تجربے سے گزرے وہ اِس نتیجے پر پہنچے کہ دُنیا میں سب سے ضروری اور اہم چیز پیار ہے، جس کے ذریعے ہم دوسروں کے مددگار بنتے ہیں۔ زندگی کو دوبارہ دیکھنے کے بعد اُنھیں بتایا گیا کہ اُنھیں اپنی باقی زندگی گزارنے کے لیے واپس مادّی جسم میں جانا ہے۔ اگرچہ جو پیار اور خوشی اُنھیں وہاں ملی تھی وہ اتنی حیران کُن تھی کہ وہ واپس نہیں آنا چاہتے تھے۔ لیکن اُنھیں واپس بھیج دیا گیا۔

جب وہ واپس لوٹے تو مکمل طور پر بدل چکے تھے۔ اُنھوں نے دوسروں سے پیار کرنے اور مددگار ہونے کی اہمیت کو سمجھا اور اپنے آپ کو بدلنے کی کوشش کی۔ اُنھیں اِس بات کی سمجھ آئی کہ ہماری زندگی میں یہ نہیں دیکھا جائے گا کہ ہم نے کتنی دولت کمائی؟ ہمارا نام اور شہرت کتنی ہے؟ ہمارا معاشرے میں کیا مقام ہے؟ یا ہماری ذہانت اور مہارت کتنی ہے؟ بلکہ ہماری جانچ اُس پیار، محبت، قربانی اور اُس اچھائی سے کی جائے گی جو ہم نے دُنیا میں کی۔ آخرت میں اہمیت اِس بات کو دی جائے گی کہ ہم نے دوسروں کو کتنا پیار دیا۔ جو لوگ موت کے بعد زندگی کی طرف لوٹے اُنھوں نے اِس راز کو پا لیا کہ پیار کے ذریعے اِس دُنیا کو جنت بنایا جا سکتا ہے۔

موت کے قریب کے تجربات کے واقعات کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ اِن واقعات نے عظیم صوفیوں، مذہبی پیشواؤں اور رُوحانی اساتذہ یعنی مُرشدانِ کامل کے صدیوں پہلے سے بتائے گئے رُوحانی طبقات کی تصدیق کی ہے۔ بدقسمتی سے جدید دور کی سائنس نے لاکھوں انسانوں کے عقیدے کو اُن کی مذہبی تعلیمات کے متعلق شک میں ڈال کر تباہ کر دیا ہے۔ اگر مذہبی کتابوں میں بیان کیے گئے تجربات کو لیبارٹری میں دُہرایا نہ جا سکے اور اُن کے آلات اُسے نہ جانچ سکیں تو سائنس اُسے غلط قرار دیتی ہے۔ اِس طرح بہت سے لوگ موت کے بعد کی زندگی، جنت، دوزخ، رُوح اور یہاں تک کہ خُدا پر بھی یقین کھو دیتے ہیں۔ موت کے قریب کے یہ تجربات اُن لوگوں کو ہوئے جنھیں عقل مند سمجھا جاتا تھا، عام لوگ اور بہت سے اُن لوگوں کو بھی جو کسی بھی شعبے کے

ماہرین تھے۔ جن میں طب، تعلیم اور نفسیات کے شعبے شامل ہیں۔ ان لوگوں نے رُوحانی دُنیاؤں کے عقیدے کو دوبارہ استوار کرنے میں مدد کی۔

اگرچہ ہم میں سے ہر ایک نے موت کے بعد ان رُوحانی دنیاؤں کا سفر کرنا ہے اور اپنی اس عارضی رہائش گاہ زمین پر گزارے گئے وقت سے کہیں زیادہ دیر وہاں قیام کرنا ہے۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ آنے والے وقت کی تیاری کریں۔ اگر ہم اپنی اِسی زندگی میں مرنے کے بعد جہاں پہنچنا ہے اس کی جھلک دیکھ لیں تو ہمارا اپنے یا کسی قریبی کی موت کا خوف ختم ہوسکتا ہے۔

موت کے متعلق تجربات کے یہ واقعات ان تعلیمات کی تصدیق کر رہے ہیں جو کہ رُوحانیت کے اُستاد (مُرشدانِ کامل) صدیوں سے سکھاتے چلے آ رہے ہیں۔ ہم رُوح ہیں اور اس خالقِ حقیقی کا جزو ہیں، خدائی منصوبے کے تحت بہت سے طبقات پیدا کیے گئے اور رُوحوں کو ان دنیاؤں کو بسانے کے لیے بھیج دیا گیا۔ رُوحوں کو خدا کی طرف سے بھیجا گیا ہے اور آخر کار انہیں خدا کے پاس واپس جانا ہے۔

اگرچہ موت کے قریب کا تجربہ کرنے والے اس عظیم خوشی اور سکون کو محسوس کرتے ہوئے واپس نہیں آنا چاہتے تھے لیکن انہیں واپس بھیج دیا گیا کیونکہ یہ ان کی جسمانی موت کا وقت نہیں تھا۔ تو ہم سوچ سکتے ہیں کہ وہ پیار اور خوشی کتنی عظیم ہو گی۔ اندھیری غار کے اختتام پر اس روشنی اور سکون کا تجربہ تو اعلیٰ رُوحانی طبقات کا آغاز تھا۔ ہمیں ان اعلیٰ رُوحانی طبقات میں جانے کے لیے موت کے قریب کے تجربے سے گزرنے کی ضرورت نہیں۔ مراقبہ میں ہمارے مرشد پاک ہمیں اعلیٰ رُوحانی طبقات پر لے جاتے ہیں اور اس سے بھی اُوپر بغیر کسی جسمانی حادثے کے، جو موت کے تجربے کے حامل افراد کی رسائی سے بہت آگے ہے۔ مُراقبہ ایک خوش کن عمل ہے جس کے ذریعے ہم جب چاہیں واپس جسم میں آ سکتے ہیں۔

لطیف دُ • کی سیر

مادّی دُ • سے اُو پ • اُٹھ کر درمیانی علاقے کو عبور کرتے ہوئے ہم لطیف دُ • میں داخل ہوتے ہیں۔ یہاں پ • ہمیں لا تعداد چمکدار رنگوں کی روشنیاں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ ایسی روشنیاں ہم نے اس مادّی دُ • میں کبھی نہیں دیکھی ہوں گی۔ یہ روشنیاں مز • • ہیرے اور زمرد سے بھی زیدہ • کو خیرہ کرنے والی ہیں۔ اُس دُ • کا سنگیت لا بیان ہے۔ اُس دُ • کی آواز جو کہ ہماری رُوح میں • قی پیدا کرتی اور اسے خوشی دیتی ہے، مادّی دُ • کی آوازوں سے بہت مختلف ہے۔ ہم اس کو موجودہ زمانے کی • • یہ خوشگوار موسیقی اور پُرانے زمانے کی موسیقی کے فرق سے سمجھ • ہیں۔ مادّی دُ • کی بہترین موسیقی کو اعلیٰ • • • سے • • جائے تو یہ ہمیں ا • ہلکی سی جھلک دے گی • کہ • طنی رُوحانی طبقات کی موسیقی کتنی لا بیان اور لطیف ہو گی۔

لطیف دُ • • طنی سفر کا صرف آغاز ہے۔ اس طبقے میں رہنے والے لطیف جسم میں رہتے ہیں، لطیف شکل جس میں سے روشنی • ہے، مادی جسم کے بغیر ہم اپنی خواہش کے مطابق اس لطیف دُ • میں سفر کر • ہیں۔ اپنے • جسم کی موجودگی کے د • وَ کے بغیر ہم اپنی مرضی کی رفتار سے سفر کرتے ہیں۔ ہمارے خیال میں لطیف طبقے بہت حیران کن ہو سکتا ہے، لیکن یہ اعلیٰ طبقات کے مقابلے میں بہت محدود ہے۔ لطیف دُ • مادّے سے بنی ہوئی ہے، لیکن ہماری مادّی دُ • کے مقابلے میں یہاں شعور زیدہ ہے، لیکن اس سے بھی لطیف دُ • • آگے موجود ہیں۔ اس تمام کائنات اور برِّ اعظموں سمیت لطیف طبقہ ہمارے • کے دائرے میں ہے۔ اس طبقہ میں ہم اپنی سوچ اور خواہش کو پورا کر • ہیں۔ جس طرح مادّی دُ • ہمیں د • وی لگاؤ کے ذریعے • • ھے • ر • ہے اور ہمیں خُدا کی پہچان نہیں ہونے دیتی، • لکُل اس طرح ہم اس لطیف دُ • میں

بھی بھٹک جاتے ہیں۔ کھلونوں کی دُکان میں ایک بچّے کی طرح، ہم اس دُنیا میں بھی اپنی خواہشات پوری کرتے کرتے انہی مظاہر میں کھو جاتے ہیں اور اپنے باطنی سفر کو بھول جاتے ہیں جو کہ اعلیٰ ترین رُوحانی دُنیا میں پہنچنے کا ہے، جہاں پیار، خوشی اور خود خُدا بھی موجود ہے۔

ایک مُرشدِ کامل باطنی رہنما کے طور پر ہماری توجہ سفر پر مرکوز رکھتے ہیں، تاکہ اس لطیف طبقے کے نظارے رکاوٹ نہ بنیں۔ مُرشدِ کامل چاہتے ہیں کہ ہم بہت تیزی سے اس دیس کو پار کر جائیں تاکہ ہم اعلیٰ رُوحانی طبقات کی خوشی اور سرشاری سے لطف اندوز ہو سکیں۔ لطیف طبقے کے خوش کُن نظارے بھی مادّی دُنیا کے نظاروں کی طرح بے فائدہ ہیں، یہ ہمارے تجسّس کو بڑھاتے اور لطیف دماغ کو حیران کرتے ہیں، لیکن یہ ہمیں وہ خوشیاں اور خُدا کا پیار نہیں دے سکتے۔ لطیف دُنیا سے آگے کی دُنیاؤں میں بہت سی خوشیاں ہماری منتظر ہیں۔

اگلا قدم — لطیف اللطیف دُنیا

خالقِ حقیقی کی طرف سفر کے دوران ہمارا اگلا قیام لطیف اللطیف دُنیا ہے۔ اگر ہمارے خیال میں لطیف طبقہ بہت خوبصورت ہے تو لطیف اللطیف کے مقابلے میں یہ طبقہ بہت مدھم سا ہے۔ اس طبقہ میں مادّہ اور شعور کی مقدار برابر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ لطیف طبقہ کے مقابلے میں نہایت لطیف ہے۔ اِس دُنیا کی روشنیاں بہت زیادہ چمکدار اور درخشاں ہیں۔ یہاں کی موسیقی سحر طاری کرتی ہے۔ یہ دُنیا لطیف دُنیا کے مقابلے میں زیادہ وسیع ہے۔ اس میں ناقابلِ یقین بڑے اعظموں میں ناقابلِ تصور بلند پہاڑ، آبشاروں والے دریا اور مادّی آنکھ کے لیے ناقابلِ یقین نور کے نظاروں اور خوشگوار آوازوں کا ایک سمندر ہے۔ ہر دُنیا میں لاتعداد رُوحیں ہر طرح کے مشاغل میں مصروف

ہیں۔ اس دُنیا میں ہم مادّی اور لطیف جسموں کے بغیر سفر کرتے ہیں اور ہماری رفتار ہماری سوچ کی رفتار کے برابر ہوتی ہے۔ ہم جو سوچتے ہیں وہ ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس طبقہ میں ہم جہاں چاہیں سفر کر سکتے ہیں۔ اسی دُنیا میں ہماری پچھلی زندگیوں کا تمام ریکارڈ رکھا جاتا ہے اور ہم اپنی پچھلی زندگیوں کو دیکھ سکتے ہیں، اسی طرح ہم اپنے پُرانے اعمال اور اُن کے ہماری زندگی پر اثرات دیکھ سکتے ہیں۔

مُرشدِ پاک ہمارے خُدا کی طرف باطنی رُوحانی سفر میں رُکاوٹ (پرانی زندگیوں میں کھو کر) نہیں دیکھنا چاہتے۔ اس رُکاوٹ کو آپ یوں سمجھ لیں کہ آپ ہوائی جہاز سے سفر کے لیے ائیر پورٹ جانے کی کوشش میں ہوں اور آپ کو اپنی زندگی کا ایک تصویری البم مل جائے جس میں بچپن سے لے کر اب تک کی تمام تصویریں ہوں، جن کے ساتھ ہمارے روز مرہ کے معاملات کی تفصیل بھی دی گئی ہو۔ پھر تصور کریں کہ ایسے البم ہوں جن میں پُرانی زندگیوں کی تصویریں اور سوانح حیات درج ہوں۔ اگر ہم اُن کتابوں کو پڑھنا اور دیکھنا شروع کر دیں تو ہم اپنی سفری پرواز کھو دیں گے۔ ہمیں اپنی پُرانی زندگیوں کی کہانیاں پڑھنے میں کئی سال اور صدیاں لگ سکتی ہیں۔ مُرشدِ پاک ہمیں زیادہ دیر اس لطیف اللطیف دُنیا میں نہیں رہنے دیتے کیونکہ آگے ابھی اور بہت سی دُنیائیں ہیں جہاں ہمیں جانا ہے وہاں اور زیادہ پیار اور رُوحانی خوشی ملے گی۔

لطیف اللطیف دُنیا میں حوضِ کوثر میں غوطہ لگانا

اس کے بعد مُرشدِ پاک ہمیں لطیف اللطیف دُنیا میں لے جاتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی چھلانگ ہے جو ہم لگاتے ہیں، کیونکہ ہم دُنیا کے دائرے سے باہر نکل چکے ہوتے ہیں۔ مادّی، لطیف اور لطیف اللطیف دُنیائیں منفی طاقت کے کنٹرول میں ہیں۔ یہ وہی ہے جو ہمیں نچلی دُنیاؤں میں پھنسائے رکھتی ہے۔ یہ ہمیں اپنی اصلی حالت

یعنی رُوح کے طور پہ خود کو جاننے اور خالقِ حقیقی یعنی خُدا کو پ نے سے روکتا ہے۔

چو ۰۰ ۰ کا کھنچاؤ بہت زیدہ ہے اس لیے نچلی تین ر ۰ وں کو پ ر کرنے کے لیے رُوحانی اُستاد (مُرشدِ کامل) کی مدد کی ضرورت رہتی ہے۔ جس طرح خلائی جہاز کو کششِ ثقل سے بہر ۰ اور خلا میں پہنچنے کے لیے بہت زیدہ طاقت درکار ہے، بلکل اسی طرح ہماری رُوح کو بھی مُرشدِ کامل کی رُوحانی طاقت کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ ہمیں ۰ کے دائرے سے اُو پ اُٹھنے میں مدد دے سکیں۔

یہاں آبِ کوثر کا ای ۰ لاب ہے جس میں غوطہ لگا کر رُوح اپنا لطیف اللطیف غلاف اُ ر دیتی ہے۔ اب رُوح پ ای ۰ و ی سا پ دہ بقی رہ جا ہے۔ یہ ر ۰ ۰ اور حواس کے دائرے سے بہر ہے۔ یہاں کوئی زبن نہیں ہے جو کہ اُس ر ۰ کی ہلکی سی جھلک بیان کر سکے، ہم صرف قیاس کر ہیں۔ چو ۰ مادّی، لطیف اور لطیف اللطیف ۰ نچلی ر ۰ وں میں رہ گئے تھے، اس لیے اُن کا یہاں ہمیں کوئی فائ ۰ ہ نہیں۔ رُوح ای ۰ و ی ۰ سے غلاف کے ساتھ اس ر ۰ کا تجربہ کرتی ہے۔ اس ر ۰ کی اپنی آوازیں اور روشنیاں ہیں کہ رُوح پہچان سکے کہ وہ کہاں ہے۔ اس ر ۰ میں رُوح، اپنی کھوئی ہوئی یدداش واپس پ تی ہے جو وہ نچلی ر ۰ وں میں بھول گئی ہوتی ہے اور پُکار اُٹھتی ہے ۔۔۔۔۔ اور اسے پتہ چلتا ہے کہ وہ خُدا کا ہی ای ۰ و ہے۔

اس ر ۰ میں شعور زیدہ ہے اور مادّہ کی ای ۰ و ی سی تہہ ہے۔ آبِ حیات کی یہ جھیل خالص رُوحوں سے بھری ہوئی ہے جو اپنے آپ کو اپنی اصلی حا ۰ میں جان کر بہت خوش ہیں۔ رُوح اپنا آ ی غلاف اُ ر دیتی ہے اور جان لیتی ہے کہ وہ خُدا کے وجود کا حصہ ہے۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ بطور رُوح ہم روشنی سے بھرپور ہیں۔ ہم سمجھنے لگتے ہیں کہ مادّی ر ۰ کے سورج اور ستارے، ہماری اپنی رُوح اور رُوحانی منزلوں کی روشنیوں کا زرد سا عکس ہیں۔ یہ ر ۰ لا بیان ہے۔ ہر وہ چیز جسے ہم مادّی، لطیف، لطیف

اللطیف وُ ہ وُں میں جا ہ تھے ہ کی پیداوار تھے ہ کے دائرے سے آگے کوئی حوالہ، کوئی لفظ نہیں، جو یہاں کی وُ ہ کے متعلق بیان کر سکے۔ یہ ا ہ آنکھوں سے معذور شخص کے سامنے رنگوں کا بیان اور کانوں سے بہرے شخص کو موسیقی سُنانے کے مترادف ہے۔ اس کا تجربہ لا بیاں رُوحانی خوشی اور ہ قابلِ تصور پیار کی صورت میں ہو ہ ہے۔ یہاں رُوح ہر چیز کا تجربہ ہ کے د ہ وَ ہ سے ہ ہر کرتی ہے۔

حتیٰ کہ مادّی وُ ہ میں بھی الفاظ اِن تجر ہ ت کا احاطہ نہیں کر ہ ت۔ مثال کے طور پر کسی ایسے شخص کو آئس کریم کے متعلق بتا ہ جس نے کبھی آئس کریم نہ کھائی ہو تو ز ہ ن اُس کا ذا ہ مٹھاس اور خوشی بیان نہیں کر سکتی ا َ ہ ہم صرف پ ہ ھ لیں کہ یہ کیسی ہے تو ہم اس کے مزے کو محسوس نہیں کر ہ ت۔ جس طرح ہم صرف پیار کے متعلق پ ہ ھ کر کسی سے پیار نہیں کر ہ ت۔ ب ہ لکل اسی طرح رُوح ب ہ لائی رُوحانی منزلوں میں پیار، خوشی اور خوبصورتی کا تجربہ ہ اور ز ہ ن کی قید کے بغیر کرتی ہے۔

یہ وُ ہ احساسات کی وُ ہ نہیں ہے بلکہ اس وُ ہ میں رُوح ہ ذ ہ ت اور احساسات کے بغیر رُوحانی خوشی کا تجربہ کرتی ہے۔ ہم خوشی یا اس کا اُ ہ غمی کو محسوس کر ہ ت ہیں لیکن رُوحانی خوشی کا کوئی اُ ہ ہ متضاد نہیں۔ رُوحانی خوشی خُدا اور رُوح کی ہمیشہ رہنے والی حا ہ ہے۔ یہ ہمارے دِل کی گہرائی میں پ ہ ئی جاتی ہے۔ یہ تبدیل نہیں ہوتی بلکہ ہر وقت موجود رہتی ہے۔ ہ ب ہ ہم اپنے آپ کو رُوح سمجھنے لگتے ہیں تو اس کا تجربہ کرتے ہیں۔ احساسات ہ ذ ہ ت سمندر میں لہروں کی طرح آتے جاتے رہتے ہیں جو ہمارے ا ہ ر اُ ہ ر اور پ ہ ھاؤ پیدا کرتے ہیں۔ جو کچھ ہم چاہتے ہیں ا َ ہ ہمیں مل جائے تو ہم خوش ہو جاتے ہیں، لیکن ا َ ہ ہمیں مرضی کی چیز نہ ملے تو ہم اُداس ہو جاتے ہیں۔ رُوحانی خوشی ہماری ز ہ گی کے بیرونی حالات پ ہ منحصر نہیں۔ ہ ب ہ ہم اپنی رُوح سے ہ کے غلاف کو اُ ہ ر کر اُس وُ ہ میں پہنچتے ہیں تو ہمیں سچّی رُوحانی خوشی نصیب ہوتی ہے۔

•آ •ی منزل۔ پیار سے بھرپور خُدا کی حقیقی رُوحانی ۇ •

لطیف اللطیف ۇ • ہمارے سفر کا اختتام نہیں ہے۔ مُرشد •ک ہمیں یہاں ز•دہ • د•قیام نہیں کرنے دیتے، کیو •اس سے آگے کا سفر ہماری منزلِ مقصود ہے۔ یہ خالص رُوحانی ۇ • ہے جسے اصلی گھر• مقامِ حق کہتے ہیں۔ یہاں •اور دماغ پیچھے رہ جاتے ہیں اور رُوح اپنے آپ کو اپنی اصلی حا •میں •تی ہے، اور خُدا• •واپس پہنچتی ہے۔ یہاں کا پیار اور رُوحانی خوشی نچلی تمام ۇ •وں کے مقابلے میں کہیں ز•دہ ہے۔ مقامِ حق •ا •رُوحانی منزل ہے جہاں مادّہ •دھوکہ نہیں ہے۔ یہ خُدا کا •ا •درخشاں اور لامحدود مقام ہے۔ اپنے اصلی گھر میں پہنچ کر رُوح اپنے منبع سے مل جاتی ہے۔

اس مقام کی روشنی دوسری تمام منزلوں کے مقابلے میں کہیں ز•دہ ہے۔ ہماری اس مادّی ۇ • کے لاکھوں سورج مل کر بھی مقامِ حق کے نور کے چھوٹے سے حصے کا مقابلہ نہیں کر• •۔ اس فرق کا موازنہ موم بتّی کی روشنی اور سورج کی روشنی سے کریں۔ سائنس دان سُورج کی روشنی کو دُور کہکشاؤں کی روشنی کے مقابلے میں بہت مدھم کہتے ہیں۔ اسی طرح اس مادّی ۇ • کی روشنیاں مقامِ حق میں خُدا کے نُور کے مقابلے میں • ا•ھیری اور مدھم ہیں۔

ۇ •وی محبوب پیار کی جس شدّت کے ساتھ اپنے محبوب کے گلے لگتا ہے اور وہ اپنے پیار کی تکمیل کرتے ہیں۔ اسی طرح رُوح بھی مقامِ حق میں پہنچ کر خُدا میں سما جاتی ہے۔ مقناطیس کی •ا •رُوح بھی خُدا سے دو•رہ ملنے کے لیے کھنچی چلی جاتی ہے۔

• •ہم مقامِ حق میں داخل ہوتے ہیں تو اَلطف و • کی خوشیاں پُوری شدّت اختیار کر لیتی ہیں۔، یہ خوشی• •نی تشریح سے کہیں ز•دہ ہے۔ ہماری رُوح خالص نُور اور آواز سے سرشار ہوتی ہے اور یہاں رُوح کی اپنی روشنی مادّی ۇ • کے سولہ سُورجوں کی روشنی کی طرح چمکدار ہوتی ہے۔ ہماری رُوح مکمل طور •خُدا سے مل جاتی ہے۔ ہم اپنی اصلی

حالت میں بہت مسرّت اور شگفتگی پاتے ہیں۔ یہاں کوئی دُکھ، کوئی غم اور موت نہیں ہے۔ یہاں ہر طرف سکون اور وافر خوشیاں ہیں۔ جب ہم دوبارہ خُدا سے ملتے ہیں تو ہمیں بہت زیادہ پیار اور ختم نہ ہونے والی رُوحانی خوشی نصیب ہوتی ہے۔ خُدا محبت ہے اور مقامِ حق میں پہنچ کر ہم اس پیار کے سمندر کا حصہ بن جاتے ہیں۔ خُدا شعورِ کل ہے اور ہم بھی خُدا سے مل کر اس شعور کا حصہ بن جاتے ہیں۔ یہ وہ آنند اور کیفیت لا بیان ہے۔ نوُر کی یہ چنگاری منبعِ نوُر میں مل کر نوُر ہو جاتی ہے اور آخرکار ہم تکمیل کو پہنچ جاتے ہیں۔

اندرونی روشنی اور آواز کے مراقبے کا طریقہ

مُرشدِ کامل چاہتے ہیں کہ ہم ان تجربات کے متعلق صرف کتابوں میں ہی نہ پڑھیں بلکہ خود ان بالائی رُوحانی منزلوں کا تجربہ بھی کریں۔ ہم خود ان کا تجربہ کر کے ہی ان کے وجود کا یقین کر سکتے ہیں۔ مرشدِ کامل کی ان منازل کے متعلق تفصیل سے ذکر نہ کرنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہ چاہتے ہیں، ہم خود ان بالائی منزلوں کو دیکھیں، وہ کہتے ہیں کہ "دیکھنا سننے سے افضل ہے۔" صوفیا کرام یا مُرشدان کامل کا مقصد ہمیں وہ راستہ دکھانا ہے کہ ہم کس طرح ان مقامات تک پہنچ سکتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہم باطنی دُوربین (تیسری آنکھ) کے ذریعے اندر داخل ہوں تاکہ ہم خود دیکھ سکیں کہ اس دُنیا سے آگے کیا ہے؟

اندرونی سفر شروع کرنے کے لیے دوربین تلاش کرنا

اندرونی روشنی اور آواز کا مُراقبہ ہمیں اس مقام یا راستے تک پہنچنے میں مدد دیتا ہے۔ مُراقبہ کے لیے ہمیں کسی آرام دہ حالت میں کسی خاص انداز سے بیٹھنا ہے جس میں ہم زیادہ دیر تک ٹِک کر بیٹھ سکیں۔ ہم اپنی توجّہ کو جسم سے ہٹاتے ہیں، جس میں پاؤں، ٹانگیں، ہاتھ اور دھڑ شامل ہیں اور اپنی توجّہ کو رُوح کے مقام (جو دونوں آنکھوں

کے بھنوؤں کے درمیان اور اس کے پیچھے ہے) پر لے جاتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی حرکت ہماری توجّہ کو واپس جسم میں لے جاتی ہے اور ہم رُوح کے مقام پر یکسوئی سے توجہ نہیں کر پاتے۔ اس لیے ہمیں آرام دہ حالت میں بیٹھ کر اپنی توجّہ کو رُوح کے مقام تک پہنچانا چاہیے۔ ہم اپنی آنکھوں کو بہت نرمی سے بند کر دیتے ہیں، جس طرح ہم سوتے وقت کرتے ہیں۔ لیکن ہم شعوری طور پر جاگتے رہتے ہیں۔ اس طرح وُہ کے بیرونی نظارے رُکاوٹ نہیں بنتے۔ ہمیں اپنی آنکھوں پر دباؤ نہیں ڈالنا، ہمیں اپنی آنکھوں کو اُوپر کی طرف نہیں اُٹھانا، کیونکہ ایسی صورت میں سر درد ہوسکتا ہے۔ بلکہ اپنی توجّہ کو سامنے دیکھتے ہوئے درمیان میں جو کچھ نظر آئے اسی پر توجّہ مرکوز رکھنی چاہیے۔ ہمیں اپنی توجّہ کو آنکھیں بند کر کے سیدھا سامنے آٹھ سے دس اِنچ کے فاصلے پر مرکوز رکھنا ہے۔

جو کچھ ہمارے سامنے ظاہر ہوتا ہے، ہم بہت پیار سے اُسے دیکھتے رہیں۔ ہوسکتا ہے شروع شروع میں اندھیرا نظر آئے یا پھر روشنی کا ایک بہت بڑا میدان، روشنی کی چنگاریاں، روشنی کے دائرے، روشنی کے چکّر یا کسی بھی رنگ کی روشنی۔ مثلاً سنہری، سفید پیلی، نارنجی، سرخ، جامنی، نیلی، بنفشی یا سبز۔ جو کچھ بھی نظر آئے اپنی توجّہ کو اس کے درمیان مرکوز رکھیں۔ ہوسکتا ہے ہمیں باطنی نظاروں میں باطنی آسمان، بادل ستارے، ایک چاند یا ایک سورج نظر آئے، ان سے آگے ہوسکتا ہے کہ ہمیں مُرشدِ کامل کی نورانی صورت دِکھائی دے، جو کہ ایک رہنما یا ایک گائیڈ کے طور پر اس دُنیا سے آگے ہمیں باطنی بالائی سفر پر لے جاتے ہیں۔

جب باطنی طور پر ظاہر ہونے والے نظاروں پر توجّہ مرکوز کرتے ہوئے ہمیں پتہ چلے گا کہ ہمارا ذہن مختلف خیالات کے ذریعے ہمیں بھٹکا رہا ہے اور یہ خیالات ہماری یکسوئیت کو خراب کر رہے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ ہمیں محسوس ہو کہ ہم ذہن کو خاموش کروا کر اپنا مراقبہ جاری نہیں رکھ سکتے۔ مُرشدِ کامل ہمیں اس کی تدبیر بھی بتاتے ہیں۔ بیعت کے وقت مُرشدِ کامل ہمیں پانچ اسمائے اعظم کی دولت بخشتے ہیں، جو کہ مراقبہ کے دوران اپنی

توجہ کو یکسو کرنے کے لیے خیال میں دُہرانے کی نصیحت کی جاتی ہے۔

یہ اسمائے ربّانی ہماری توجّہ کی یکسوئیت کے دوران دماغی طور پ دہرائے جائے ہیں۔ تیسری آ•• پ توجہ مرکوز کرنے سے ہمارے حواس ا•مر کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں۔ عام طور پ یہ حواس پورے جسم میں پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور ہمیں جسمانی محسوسات سے آگاہ و تے ہیں۔ جوں جوں ہمارے حواس ب ہر کی طرف سے ٹتے ہیں ہمیں اپنے ہاتھوں، پ ؤں، ٹ نگوں، ب زؤں اور ب قی جسم کا کوئی احساس ب قی نہیں رہتا اور ہماری توجہ پوری طرح تیسری آ•• پ یکسو ہوتی ہے۔ ب ہمیں ا•مر روشنی دِکھائی دیتی ہے۔ اس روشنی کے درمیان انتہائی توجہ سے دیکھنے سے، ہماری رُوح، رُوحانی منزلوں کی طرف پ واز کرتی ہے اور مُرشد پ ک ہمیں ب طنی سفر پ لے جاتے ہیں۔

مراقبہ کا سفر— ذہنی د ب ؤ اور مسائل سے فوری چھٹکارا

یہ سفر ز•گی کے تناؤ اور پ یشانیوں سے فوری •ت کے مترادف ہے۔ چھٹّی ہمیں روزمرہ کے ذہنی د ب ؤ سے چھٹکارا دِلاتی ہے۔ ہم عام طور پ ایسی جگہوں پ جاتے ہیں جو خوبصورت، پُرامن اور خوشگوار ہوں لیکن اس بیرونی چھٹّی پ جاتے ہوئے بھی ہمیں اکثر ذہنی د ب ؤ کا سامنا کرن پ تا ہے، ہمیں اس سیر کی لیے رقم کمان پ تی ہے، ٹ کٹ کمروان پ تی ہیں، سفر کی مشکلات کا سامنا کرن پ تا ہے۔ خواہ ہم سڑک سے، ٹ ین سے بس پ ی ہوائی جہاز پ سفر کریں، ہمیں مناس ب خوراک اور د ضروریاتِ ز•گی تلاش کرنی پ تی ہیں اور غیر متوقع موسم کا سامنا کرن پ تا ہے۔ اکثر ہم واپسی پ پہلے سے زی دہ تھکاوٹ محسوس کرتے ہیں۔

کیا ہی اچھا ہو اَ • ہم کسی ایسی چھٹّی کا تجربہ کریں، جس پ ہمارا کوئی •رچ نہ آئے اور جس میں ہم فوری سفر کرسکیں اور اس دُ • کے مقابلے میں • قابلِ تصوّر •روں اور خوبصورتیوں کا تجربہ کرسکیں؟ کتنا اچھا ہو گا اَ • یہ چھٹّی ہمارے جسم، دماغ اور رُوح کے

لیے تسکین کا بـ • شـ • ہو، اور اس کے علاوہ ہمیں عظیم پیار، خوشی اور رُوحانی مُسرّت کے
عالم میں پہنچا دے؟ کیا ہی اچھا ہوا • ہم ایـ • پُرسکون دُ • میں داخل ہو جا •، جہاں
ہماری مشکلات کا خاتمہ ہو جائے اور یہ جا •• سفر سے واپسی پہ بھی بقرار رہے؟ کیا ہی
اچھا ہو ہم • ب • چاہیں اس سفر پہ چلے جا • اور جتنی مرتبہ چاہیں صرف آنکھیں بند کر
کے وہاں پہنچ جا •!

یہ ایـ • سائنسی افسانہ نہیں ہے جیسا کہ ٹیلی ویـ • ن کے پـ • وَ • ام "سٹار ٹـ • یـ •" میں
دِکھایـ • جاتہ ہے، جس میں خلائی عملہ "مجھے اوپـ • اُٹھاؤ" کہہ کر فوراً سفر پہ روانہ ہو جاتہ ہے
اور اُن کا جسم ایـ • جگہ سے غائـ • ہو کر کسی اور مقام پہ دوبـ • رہ ظاہر ہوتہ ہے۔ یہ خیالی
سفر نہیں ہے۔ بہت سے ولی اللہ، صوفی، فقیر، مذہبی پیشوا، مُرشدانِ کامل اور اُن کے
پیروکاروں نے یہ بـ • طنی سفر طے کیا ہے۔ کئی صدیوں • • رُوحانی سفر عام لوگوں کے
لیے ایـ • بھید ہی تھا اور مُرشدانِ کامل کے پیروکار زبـ • نی طور پہ اس کے متعلق جا •
تھے، جہاں اُن کے اُستاد اس سفر کی رہنمائی کرتے تھے۔ یہ تجربہ آج بھی اُن • •
لوگوں کے لیے موجود ہے جو اس حیران کُن سفر پہ جانے کا ارادہ و • تہ ہوں۔ یہ سفر اپنے
• ان • ر اُس چنگاری کو تلاش کر • سے شروع ہوتہ ہے اور اس کی شعاؤں کی پیروی کرنے
سے خُدا • • پہنچاتہ ہے۔

اس دُ • کے دیکھنے، سُننے، سونگھنے، چکھنے اور محسوسات کے عارضی • رے ہمارے
حواس کو دلچسپی سے اپنی طرف متوجہ کرتے ہوں گے لیکن چمکدار روشنیوں کے بـ • طنی
• • رے ہماری اس مادّی کائنات کے ستاروں اور سورجوں سے کہیں زیـ • دہ روشن ہیں
اور ہماری • کو حیران کر دیتے ہیں۔ ہم ایسے مَـ • دیکھتے ہیں جو ہماری ان جسمانی
آنکھوں نے کبھی نہیں دیکھے تھے۔ بـ • ہری دُ • کا • بـ • سے اچھا سنگیت بـ • طنی موسیقی کے
مقابلے میں، بے سُرا اور اُکتاہٹ پیدا کرنے والا محسوس ہوتہ ہے۔ بـ • طنی سفر ہماری
رُوح میں پیار، خوشی اور رُوحانی مسرّت کا جوش و • بـ • اس طرح بھر دیتا ہے کہ مادّی

وُ • کے خوش کن تجر•ت کی ان کے مقابلے میں کوئی وقعت نہیں رہتی۔ چنگاری کا واپس
• ا•ی شعلے میں مِل جا• ہی رُوحانی سفر کی انتہا ہے۔

ذاتی غور و فکر

غور وفکر کیجیے، اَ • آپ خود اس ا•رونی سفر پہ جا•تے اور لامحدود ملکوتی سکون و محبت کا تجربہ کر•تے تو اس کا آپ کی ز•گی •کیا ا•ث •ا•۔

3

ملکوتی چنگاری

ہر انسان کے اندر ملکوتی چنگاری پوشیدہ طور پر موجود ہے یہ ایک کیٹلسٹ (دو چیزوں کو باہم ملانے والا) کی منتظر ہے جو کہ اِسے جلا دے تاکہ اس کا چمکدار شعلہ جل سکے۔

رُوحانیت کے اصول بھی ان سائنسی اصولوں کی طرح ہیں جو اس سیارے کو چلا رہے ہیں۔ جو قوانین اس کائنات میں کام کر رہے ہیں وہ اعلیٰ بالائی منازل کے قوانین کا عکس ہیں۔ مادّی اور رُوحانی دُنیا کے قوانین ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتے ہیں کہ ایک مرشدِ کامل کس طرح ہمارے باطن میں اس چنگاری کو جلانے کے لیے کیٹلسٹ کا کام کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ جب یہ چنگاری جل جائے تو اس کی چمکدار روشنی، مُراقبہ کے دوران جب ہم اپنی توجہ کو باطن کی طرف موڑتے ہیں، دِکھائی دیتی ہے۔ ہمیں پہلی ہی نشست میں باطنی تجربہ ملتا ہے اور ہم اپنے آپ کو جاننے اور خُدا کو پہچاننے لگتے ہیں۔

کیٹلسٹ

مُرشدِ کامل ہمارے باطن میں چنگاری کو کیسے جلاتے ہیں؟ اس عمل کو سمجھنے کے لیے اس مادّی دُنیا میں سائنس دانوں اور انجینئروں کی لوگوں کے گھروں میں بجلی اور توانائی پہنچانے کے عمل کی مثال لیں۔ انجینئر ایک سسٹم بناتے ہیں جس کے ذریعے بجلی گھر سے

• برقی توانائی کو گھروں تک پہنچایا جاتا ہے، جہاں یہ مختلف مقاصد مثلاً گرم کرنے، ٹھنڈا کرنے، روشنی کرنے، مختلف آلات چلانے اور بڑی مشینیں چلانے کے کام آتی ہے۔ ایک انجینئر یا سائنس دان جانتا ہے کہ استعمال کنندہ کو کس طرح برقی ذریعے سے جوڑنا ہے۔ وہ نئے کنکشن بناتے اور پرانے ٹھیک کرتے ہیں۔

ماہرین ہمارے ریڈیو کو ریڈیو کی لہروں سے، ٹیلی ویژن کو نشریاتی اشاروں سے اور کمپیوٹر کو نیٹ ورکس سے جوڑتے ہیں تاکہ ہم ای-میل اور انٹرنیٹ کے ذریعے ایک دوسرے سے رابطہ کر سکیں۔ اس مادّی دنیا میں برقی اور ڈیجیٹل سگنل وصول کرنے کے لیے کنکشن بنانا بھی خُدا اور رُوح کے کنکشن سے ملتا جلتا ہے۔ دونوں کے لیے بھیجنے والے اور وصول کرنے والے کی ضرورت ہوتی ہے۔ رُوحانی پیامبر خُدا ہے اور خُدا کے پیغام کو وصول کرنے والی ہماری رُوح ہے۔ مُرشدِ کامل ایک ماہر ہوتا ہے جو ہماری رُوح کے لیے خُدا کا پیغام سننے کا تعلق پیدا کرتا ہے۔

ہمیں ایسے کسی ماہر کی ضرورت اس لیے ہے کیونکہ خُدا کا پیغام رُوحانی ہوتا ہے، اس میں مادّے کی کوئی شمولیت نہیں۔ چونکہ مادّی جسم میں وصول کنندہ دماغ اور حواس ہیں جو کہ صرف مادّی دنیا کے پیغامات وصول کر سکتے ہیں۔ ہماری آنکھیں ایک خاص حد تک روشنی دیکھ سکتی ہیں۔ سُرخ، نارنجی، پیلی، سبز، نیلی اور بنفشی۔ کچھ آلات زیادہ یا کم فریکوئنسی کی شعاعوں کو بھی دیکھ سکتے ہیں مثلاً الٹرا وائلٹ اور انفرا ریڈ شعاعیں۔ اس خاص حد سے آگے ہماری آنکھیں اور سائنسی آلات نہیں دیکھ سکتے، جبکہ بالائی رُوحانی شعاعیں ہر وقت بھیجی جا رہی ہیں، لیکن ہم اپنے جسمانی حواس کے ذریعے، اِنھیں وصول کرنے سے قاصر ہیں۔

اسی طرح انسانی کان بھی صرف خاص فریکوئنسی کی آوازیں سُن سکتے ہیں۔ اس دنیا میں کچھ جانور جیسے کہ کتّا اور وہیل مچھلی وسیع حد کی فریکوئنسی سمجھ سکتے ہیں۔ ہمارے جسمانی کان اس قابل نہیں کہ خُدا کی طرف سے آنے والی رُوحانی فریکوئنسی کی

آوازوں کو سُن سکیں۔

اس کے علاوہ ہم خاص خوشبوؤں، ذائقوں اور جسمانی محسوسات کو اپنے حواس کے ذریعے پہچان• • ہیں۔ جسمانی طور • کچھ وصول کرنے کی ا• ی • خاص حد ہے۔

رُوحانی وصول کنندہ

خُدا لافانی ہے۔ • قسمتی سے ہمارے جسم کے حواس خُدا کے رُوحانی پیغام کو نہیں سمجھ • ۔ خُدا کی طرف سے رُوحانی پیغامات کو وصول کرنے کے لیے ہمیں ا• ی • اور • م سے جُڑ• پ• ہے، جسے رُوح کہا جا• ہے۔ رُوح خُدا کا • و ہے اور رُوحانی لہروں سے جُڑی ہوئی ہے اور خُدا کے پیغامات کو وصول کرسکتی ہے۔ رُوح مادّی و • سے آگے کے طبقات میں سے پیغامات وصول کرسکتی ہے۔ مُراقبہ ہمیں ان طبقات کی لہروں کو سمجھنے کے قابل بنا• ہے۔ ہماری رُوح مُراقبہ کے دوران مادّی خلا میں سفر نہیں کرتی۔ ہم جن • لائی طبقات کا ذکر کرتے ہیں وہ اُو • خلا میں کہیں نہیں • ئے جاتے بلکہ یہ طبقات ساتھ ساتھ • ئے جاتے ہیں، اور ان میں صرف لہروں • اِرتعاشات کی سطحوں کا فرق ہے۔ تمام رُوحانی طبقات میں ارتعاشات کا فرق ہے۔ مُراقبہ میں ہم • لائی ارتعاشات • لہروں سے جڑ کر ہر طبقے کا مشاہدہ کرتے ہیں اور مُرشدِ کامل وہ کیٹلسٹ ہیں جو ہماری توجّہ کو ان • لائی ارتعاشات سے جوڑ دیتے ہیں۔

مادّی دُ • میں • • سے زیدہ مادّہ ہے اور شعور کی مقدار • • سے کم ہے۔ اور وہ شعور رُوح ہے، جو ہم • • میں موجود ہے۔ لطیف طبقہ بھی مادّے سے بنا ہے لیکن یہاں مادّی دُ • کے مقابلے میں شعور کی مقدار زیدہ ہے۔ • • ہماری رُوح جسمانی شعور سے اُو • اُٹھ کر لطیف طبقہ میں پہنچتی ہے تو ہم اس دُ • کا تجربہ اپنے لطیف جسم اور لطیف • کے ذریعے کرتے ہیں۔ لطیف جسم اور لطیف • ہی لطیف دُ • کو سمجھ • اور ردِّعمل دے • ہیں۔

اسی طرح ہم لطیف اللطیف طبقات کا مشاہدہ لطیف اللطیف جسم اور • کے ذریعے کرتے ہیں۔ جس میں مادّہ اور شعور کی مقدار •ا• ہے۔• • ہماری رُوح اس طبقے میں پہنچتی ہے تو وہاں لطیف اللطیف جسم اور من • • کے ذریعے کام کرتی ہے • • کہ اس طبقے کے پیغامات کو سمجھ سکے۔

ان نچلے تین مادّی طبقات سے آگے رُوحانی طبقات ہیں۔ الطف طبقہ میں شعور • ز•دہ ہے اور مادّہ کی •ای • •و • •سی تہہ ہے۔ ہم اس •و • میں مشاہدہ اپنی رُوح کے ذریعے کرتے ہیں جبکہ رُوح •ای • •و • غلاف ہو• ہے، رُوح اس •دے کے ساتھ ان اعلیٰ •لائی ارتعاشات کی مدد سے اس •و • کو سمجھتی اور •ہم عمل کرتی ہے۔

ہم مقام حق کی منزل کا مشاہدہ کرتے ہیں جہاں صرف شعور ہے اور مادّہ کی کوئی • •وٹ نہیں۔ ہم اس مقام کا مشاہدہ رُوح •بغیر کسی غلاف کے کرتے ہیں۔ اس •و • میں پہنچ کر رُوح اپنے آپ کو اپنے اصلی رُوپ کو شعوری طور • جا • ہے کہ یہ خُدا کا •ای • • •و ہے۔ یہاں رُوح کے ارتعاشات کی شرح خُدا جیسی ہے اور وہ خُدا سے مل جاتی ہے۔ رُوح خُدا •سے • قاعدہ گفتگو کرتی ہے۔ اس حا •• میں ہم خُدائی شعور حاصل کرتے ہیں۔

یہ •م سائنسی ہے اور مکمل طر• • سے کام کر• ہے•اَ •ہم اپنے آپ کو رُوح کے طور • جان لیں تو ہم خُدا سے •قات کے قابل ہو • ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ''وہ کون سا کیٹلسٹ ہے جو کہ لو • چنگاری کو واپس خُدا سے • سکتا ہے، جہاں سے یہ آئی ہے؟''

•ای • کیٹلسٹ ہماری لو کو جلا دیتا ہے

•ای • کیٹلسٹ جو ہماری لو کو جلا• •ہے • کہ ہم خُدا سے مل سکیں •ای • خُدائی انجینئر ہے۔ اس وقت ہم رُوح اور خُدا کے درمیان تعلق قائم کرنے کے قابل نہیں۔ ہم خُدا

سے بت چیت نہیں کر تے کیو ہم نہیں جا کہ اس تعلق کو جوڑنے کا راستہ کیسے کھولا جا سکتا ہے۔ جس طرح ہم ریڈیو کو ریڈیو سٹیشن سے یا کمپیوٹر کو انٹرنیٹ سے خود جوڑنے کی مہارت نہیں رکھتے، بالکل اسی طرح ہم اپنے اندر موجود اس لَو کو خُدا سے جوڑنے کی مہارت نہیں رکھتے۔ رُوح اور خُدا کے درمیان تعلق پیدا کرنے کے لیے ہمیں تربیت کی ضرورت ہے۔ انٹرنیٹ لگوانے کے لیے ہم کسی کمپیوٹر کے ماہر شخص کو بلاتے ہیں تاکہ وہ ہمیں انٹرنیٹ سے جوڑ سکے۔ ہم اپنے ٹیلی ویژن کو کیبل ٹی وی سے جوڑنے کے لیے کیبل آپریٹر کی مدد لیتے ہیں۔ رُوحانی دنیا میں اگر ہم اپنے آپ ہی، رُوح کو خُدا سے جوڑنے کے قابل ہوتے تو ہر شخص خُدا سے جُڑ چکا ہوتا، لیکن چند لوگ ہی جانتے ہیں کہ خُدا سے کیسے جُڑا جا سکتا ہے۔

مُرشدِ کامل ہمیں مُراقبہ کا طریقہ سکھاتے ہیں جو اپنے آپ کو پُرسکون محسوس کرنے سے بھی بہتر کام ہے۔ وہ ہماری رُوح کو خُدا سے جوڑ دیتے ہیں۔ مُراقبہ ہمیں خُدا کی طرف سے آنے والی روشنی اور آواز کی لہروں سے جوڑتا ہے جو ہمارے باطن میں پہلے سے موجود ہیں۔ ہمیں صرف اندر جانے کا طریقہ سیکھنا ہے تاکہ ہم دیکھ اور سُن سکیں۔ ایسے مُرشدِ کامل ہی وہ کیٹلسٹ ہیں جو ہمارے باطنی تعلق کو جوڑتے ہیں۔ وہ ہمیں مراقبہ کا طریقہ سکھاتے ہیں تاکہ ہم آواز کی لہروں سے جُڑ سکیں، یہ لہریں ہماری رُوح کو بالائی رُوحانی منازل سے گزار کر مقامِ حق میں پہنچ کر خُدا سے ملنے میں مددگار ہیں۔

مُرشدِ کامل ہماری رُوح کو جوڑ دیتے ہیں تاکہ یہ خُدا کے رُوحانی رابطے سے جُڑ سکے۔ جس طرح سائنس میں صحیح نتیجہ اخذ کرنے کے لیے تجربے کا صحیح طریقہ سے کرنا ضروری ہے، اسی طرح رُوحانی معاملات میں بھی ہے۔ ہم کسی اُستاد کے پاس جاتے ہیں تو ہم جانتے ہیں کہ اُستاد کے پاس اپنے شاگردوں کو دینے کے لیے علم موجود ہے خواہ یہ دماغی علم ہو یا کسی شعبے کی تربیت، یہ کسی کھیل کی تکنیکیں ہوں یا کسی فن کی مہارتیں۔ کوئی بھی طالب علم جو کسی ماہر کے پاس جاتا ہے اور کچھ سیکھنے کا شوق رکھتا ہے

اور سیکھنا چاہتا ہے تو وہ یقیناً سیکھ •تا ہے۔ لیکن اگر ایک •طالب •علم خود پسند ہو اور یہ سوچے کہ وہ اُستاد سے بہتر جا•تا ہے تو وہ کچھ سیکھ نہیں سکے گا۔ •اگر •ہمارا رویہ ایسا ہو کہ ہم• •سب کچھ جا•تے ہیں اور ہمیں کچھ سیکھنے کی ضرورت نہیں، تو پھر ہم اُستاد سے کچھ سیکھنے کے قابل نہیں رہتے۔ •نہیں سیکھ •تے اور ہماری •ترقی نہیں ہو سکتی۔ عظیم سائنسدان آ•ئ•ک نیوٹن نے علم کی وسعت کے متعلق یوں کہا ہے، وہ کہتا ہے کہ میں وقت کے ساحل سے صرف چند پتھر اُٹھا رہا ہوں۔ اگر ایک •نیوٹن جیسا عظیم دا•شخص ایسا محسوس کرتا ہے کہ وہ ابھی ایک •طالب •علم ہے اور بہت کچھ مز•ید سیکھنا چاہتا ہے، تو کوئی بھی اپنے کم علم •پر کیسے فخر محسوس کر سکتا ہے؟

امریکہ کے ایک •صدر، روز ویلٹ کے متعلق ایک •قصہ بیان کیا جا•تا ہے کہ وہ قدرتی مناظر کا •بڑا شوقین تھا۔ شام کے وقت وہ اپنا وقت ایک •دو•ست کے ساتھ •بات •چیت میں گزارتا اور اس کے بعد وہ دونوں سیر کے لیے جاتے۔ ایک •رات •جب •وہ سیر کے لیے جا رہے تھے، انھوں نے اُو•پر کی طرف •تاروں بھرے آسمان کو دیکھا۔ انھوں نے محسوس کیا کہ آسمان کتنا وسیع ہے اور اس •پر کتنے ستارے ہیں۔ انھوں نے کہکشاؤں کو حیرت سے دیکھا۔ انہیں آسمان کی وسعت •پر اتنی حیرانی تھی کہ وہ •چپ •چاپ چلتے رہے۔ •آ•خر •کار روز ویلٹ نے کہا "اس کائنات کے مقابلے میں ہم بہت چھوٹے ہیں۔"

بہت سے لوگ یہ محسوس کرتے ہیں اور ان کے رویے سے بھی یہ ظاہر ہو•تا ہے کہ جیسے کائنات کا •نظام ان کی وجہ سے چل رہا ہے۔ لیکن حقیقت میں ہم اس کائنات کا •چھوٹا سا ایک •حصہ ہیں۔ •جب •ہم مغرور ہو جاتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ ہم خُدا سمیت •سب •سے بہتر ہیں پھر ہم سیکھنے اور کچھ حاصل کرنے کے قابل نہیں رہتے۔ ہم چھوٹے اور محدود سوچ والے بن جاتے ہیں اور کچھ سیکھنے اور •بڑھنے کے قابل نہیں ہوتے۔

- پانچ منٹ وہاں مُراقبہ کرنے سے ہم اپنی منزل پر نہیں پہنچ سکتے۔ اس زندگی میں ہمارے 'X' سال باقی رہتے ہیں۔ اس زندگی میں زیادہ سے زیادہ ترقی کرنے کے لیے مُرشدِ
- پاک نے کم از کم اڑھائی گھنٹے روزانہ مُراقبہ میں وقت دینے کا حُکم دیا ہے۔ اگر ہم آج اڑھائی گھنٹے مُراقبہ نہیں کرتے، تو کیا اِس کمی کو اگلے دِن پورا کر سکیں گے؟

جب ہم اسکول جاتے ہیں، ہمیں ہوم ورک دیا جاتا ہے۔ اگر ہم ایک دِن ہوم ورک نہ کریں تو ہمیں کم نمبر ملیں گے ورنہ اس کمی کو پورا کرنا پڑے گا۔ ہمیں ہر حال میں اپنا کام پورا کرنا ہے۔ رُوحانیت میں کوئی ہمارے سر پر ڈنڈا لے کر نہیں کھڑا ہوتا، لیکن زندگی کے اختتام پر ہمیں جاننا چاہیے کہ ہم نے کتنی ترقی کی ہے؟ کیا ہم نے اپنی منزل کو پا لیا ہے؟ اگر نہیں، تو پھر ابھی ہمیں مزید کام کرنا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ خُدا میں طاقت ہے کہ وہ پلک جھپکنے میں ہماری رُوح کو واپس لے جا سکتا ہے، لیکن قدرت کا نظام اس طرح نہیں بنایا گیا۔ اس نظام میں رہتے ہوئے ہمیں اپنا ضروری کام کرنا ہے۔ خُدا نے ہمیں ایک لمبی رسّی دے رکھی ہے اور ہم اختیارات کو منتخب کرنے کے لیے تقریباً 25 فیصد آزاد ہیں۔ ہماری موجودہ زندگی ماضی کے خیالات اور قول و فعل پر منحصر ہے، جس کے لیے ہمیں یا تو انعام ملتا ہے یا پھر سزا بھگتنی پڑتی ہے۔ ہماری زندگی کا تقریباً 75 فیصد حصہ طے شدہ ہے، جو ہمارے پچھلے اعمال پر منحصر ہے، اس کے علاوہ ہم مرضی سے کام کرنے کے لیے آزاد ہیں۔

جو لوگ خُدا سے جُڑ چکے ہیں، اپنی مرضی سے اِس اختیار کو صحیح استعمال کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو ہم صوفی، مُرشدِ کامل، خُدا رسیدہ ہستی اور رُوحانی شخصیت کے طور پر جانتے ہیں۔ وہ ضرورت کے مطابق کام کرتے ہیں۔ کئی گھنٹے روزانہ مُراقبہ کرنے کے ساتھ ساتھ مُلازمت اور خاندان کی پرورش بھی کرتے ہیں۔ ایسا کرنا ناممکن نہیں ہے۔ جہاں سچّی لگن ہو وہاں راستہ خود بخود بنتا ہے۔

خُدا رسیدہ ہستیاں رات کے وقت کو رُوحانی ترقّی کے لیے سونے کی کان قرار دیتی

ہیں۔ دِن کے وقت ہمارے پاس مخصوص گھنٹے ہوتے ہیں، جو ہم کام میں گزارتے ہیں۔ ہمیں اپنے جسم کو نہلانے، کھلانے، پلانے اور لباس پہنانے کے لیے وقت کی ضرورت ہے۔ ہمارے خاندان کو بھی ہمارے وقت اور توجہ کی ضرورت ہے۔اس کے علاوہ جو وقت باقی بچتا ہے، وہ ہمارا اپنا ہے۔ خُدا نے رات کے ساتھ ساتھ دِن کے فارغ اوقات بھی دیئے ہیں تاکہ ہم اُنھیں مُراقبہ میں گزاریں۔

کبیر صاحب نے ایک شعر میں فرمایا ہے:

جاگ پیاری اب کا سووے
رَین گئی دِن کاہے کو رووے
جِن جاگا تِن مانِک پایا

ترجمہ: ''اے پیاری! اُٹھ جاگ، تو کیوں سو رہی ہے؟ رات سونے میں گزر گئی، اب دِن کو کیوں ضائع کر رہی ہے۔ جو جاگتے ہیں وہ رُوحانی خزانوں کو پاتے ہیں۔''

اس شعر میں کبیر صاحب ہمیں نصیحت کرتے ہیں کہ ہم اِس زندگی میں اپنے وقت کا پُورا پُورا فائدہ اُٹھائیں۔ اگر لوگوں میں اپنی رُوحانی منزل کو پانے کے لیے رات کو جاگنے کی سکت یا قوّتِ برداشت ہے تو یہی صلاح ہے۔ ہمارے اندر بھی موجود ہے کہ ہم اپنی رُوحانی منزل کو پالیں۔ وہ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ رات کو رُوحانی ترقّی کے لیے استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں پُورا دِن بھی نیند کی حالت میں نہیں گزارنا چاہیے۔ ہم دِن کو نیند کی حالت میں بھلا کیسے گزارتے ہیں؟ اگرچہ ہم دُنیوی ذمہ داریوں اور فرائض میں مصروف رہتے ہیں، لیکن ہم دِن کے اوقات میں خُدا کو بھول کر نیند کی حالت میں ہوتے ہیں۔ دِن کے وقت ہم اپنی روز مرّہ کی مصروفیت کے دوران خُدا کو یاد رکھ سکتے ہیں اور اپنے فرصت کے لمحات کو بھی مُراقبہ میں گزار سکتے ہیں۔

ایک بادشاہ کی کہانی ہے جو ایک جانور یا جانور کو اپنا 'نشانِ سلطنت' (mascot) بنانا چاہتا تھا، وہ کسی بھی جانور کو بغیر پرکھے یہ خطاب نہیں دینا چاہتا تھا۔ وہ بادشاہ تھا اور

سب سے بہترین مخلوق کا انتخاب کرنا چاہتا تھا جو کہ اُس کی سلطنت کی نمائندگی کر سکے۔ اُس نے اپنے وزیروں سے کہا کہ وہ جانوروں کا مقابلہ کروائیں تاکہ دیکھا جا سکے کہ کون سا جانور 'جانِ سلطنت' کے قابل ہے۔ وزیروں نے بادشاہ سے پوچھا کہ اُس کی کون سی شرائط ہوں گی۔

بادشاہ نے چند لمحے سوچ کر کہا، ''میں ایسا جانِ سلطنت چاہتا ہوں، جو منزل کو پانے کی لگن رکھے اور اپنی پوری توجہ اُسی منزل پر مرکوز رکھے۔''

وزیروں نے باہم مشورے کے بعد جانوروں اور دوسری مخلوق کے مُقابلے کا فیصلہ کیا۔ مُقابلہ ایک دوڑ کا تھا، یہ دیکھنے کے لیے کہ کون بادشاہ کے مقام یعنی سلطنت کے دروازے پر پہلے پہنچتا ہے۔ اس طرح سے وہ دیکھ سکیں گے کہ کس کا جیتنے کا عزم زیادہ ہے اور وہ اپنی منزل کو پانے کے لیے پوری لگن رکھتا ہے، اور دوڑ جیتتا ہے۔ جو جیت جائے گا، وہی 'جانِ سلطنت' ہو گا۔

لوگوں میں باضابطہ طور پر اعلان کیا گیا کہ ہر گاؤں اس مقابلے میں کوئی ایک جانور منتخب کرے گا اور اُسے دوڑ کے مقابلے میں شمولیت کے لیے لائے گا۔ لوگوں نے سوچا کہ بادشاہ کی ہمدردی حاصل کرنے کا اچھا موقع ہے۔ سلطنت میں چھ گاؤں تھے اور ہر گاؤں کو ایک ایسا جانور منتخب کرنا تھا جو سب سے پہلے اپنی منزل پر پہنچے۔ وہ کسی بھی جاندار کو منتخب کر سکتے تھے۔ جیسے جانور، رینگنے والے کیڑے مکوڑے، پرندے، مچھلی، پانی اور خشکی دونوں جگہ پر رہنے والے کیڑے۔ ہر گاؤں کے سربراہ جمع ہوئے تاکہ فیصلہ ہو سکے کہ کون سا جانور کس گاؤں نے منتخب کیا گیا ہے۔ ایک گاؤں کے افراد جمع ہوئے اور کہا، ''اگر ہم شیر منتخب کریں تو ہم جیت جائیں گے کیونکہ شیر پہلے ہی جنگل کا بادشاہ ہے اور شیر کے ہارنے کا سوال پیدا ہی نہیں ہوگا، کیونکہ تمام جانور شیر سے خوف زدہ رہتے ہیں۔ کوئی بھی جانور شیر کے راستے میں آنے کی کوشش نہیں کرے گا۔''

دوسرے گاؤں کے لوگوں نے سوچا، ''شیر پہلے ہی منتخب ہو چکا ہے اس لیے ہمیں

کوئی دوسرا جانور منتخب کرنا ہوگا۔ ہم ہاتھی کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ سب سے بڑا اور طاقتور جانور ہے۔ جب ہاتھی بھاگتا ہے تو تمام جانور اس کا راستہ چھوڑ دیتے ہیں تاکہ وہ کچلے نہ جائیں۔ ہاتھی طاقتور اور محنتی ہوتا ہے اور یہی کامیاب امن سلطنت ہوگا۔"

تیسرے گاؤں کے لوگوں نے کہا کہ "دو سب سے اچھے جانور پہلے ہی منتخب ہو چکے ہیں اس لیے ہم سانپ کا انتخاب کرتے ہیں کیونکہ ہر شخص سانپ سے خوف زدہ رہتا ہے۔ کوئی بھی سانپ کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ سانپ ہر چیز میں سے اُچھلتے ہوئے آگے بڑھ جائے گا اور دوڑ میں سب سے آگے ہوگا۔" اُن کا خیال تھا کہ سانپ جیت جائے گا۔

چوتھے گاؤں کے لوگ پریشان تھے کہ کوئی اچھا انتخاب نہیں بچا، اُنھیں وہ کہانی یاد آئی جس میں کچھوے اور خرگوش کے مابین دوڑ کا مقابلہ ہُوا۔ گاؤں کے لوگ بھول گئے کہ کہانی کے اختتام پر کچھوے نے خرگوش کو شکست دی تھی، اس طرح اُنھوں نے دوڑ کے لیے خرگوش کو منتخب کیا۔

پانچویں گاؤں کے لوگوں کے لیے بہت مشکل مرحلہ تھا کہ کیا تلاش کریں۔ اُن کے خیال میں چار اچھے جانور منتخب ہو چکے تھے۔ انھوں نے کہا "اچھا اب ہم طاقت اور رفتار کے لحاظ سے نہیں جیت سکتے تو ہم دماغ کے ذریعے جیت جائیں گے۔ لومڑی بہت چالاک ہے اور جیت کا طریقہ ڈھونڈ لے گی۔"

چھٹے گاؤں کے لوگ نا اُمید تھے۔ وہ افسوس کر رہے تھے کہ تمام اچھے جانور منتخب لیے گئے ہیں، ہماری جیت کی کوئی اُمید نہیں۔ اُنھوں نے 'امن سلطنت' کے جانور کے انتخاب کے بارے میں بہت سوچا۔

خوش قسمتی سے اُن کے گاؤں میں ایک عقل مند انسان رہتا تھا۔ اس شخص نے کہا، "میرے خیال میں ہمیں چیونٹی کا انتخاب کرنا چاہیے۔"

گاؤں کے دوسرے لوگوں نے حیرانی سے کہا، "چیونٹی سب سے چھوٹی مخلوق ہے۔ اسے سلطنت کے دروازے پر پہنچنے میں صدیاں لگیں گی، یہ اتنی چھوٹی ہے کہ کوئی بھی

آسانی سے اِسے کچل سکتا ہے، یہ تمام مخلوقات میں • سے چھوٹی، سُست رفتار اور غیر محفوظ ہے۔ یہ نہیں • ی• سکتی، تم ایسی مخلوق کیوں منتخب کر رہے ہو، جو ہار جائے گی۔"

• دا• شخص نے کہا، "پ• یشان مت ہوئے، چیو • یقیناً جیتے گی۔"

لوگوں نے دِل میں سوچا کہ ہوسکتا ہے کہ یہ شخص ماضی میں عقل مند رہا ہو لیکن اب وہ • ن عقل مند نہیں رہا۔ چو • اچھے جانور پہلے ہی منتخب ہو چکے تھے اس لیے کوئی اور بہتر انتخاب نہ ہونے کے • • اُنھیں دا• شخص کی • ت ماننا • ی اور مُقابلے کے لیے چیو • کو منتخب کر لیا • ی۔

مُقابلے کے دِن تمام لوگ دوڑ دیکھنے کے لیے آئے اور سڑک کے دونوں طرف جمع ہو گئے۔ لوگوں نے شیر، ہاتھی، سا• • • • گوش اور لومڑی کو قطار میں کھڑا کیا۔ • دشاہ اور اُس کے وز • • ہر آئے، اُنھوں نے جانوروں کو • •، اور کہا، "• نچ گاؤں کے جانور • آ رہے ہیں، کیا چھٹے گاؤں سے مقابلے کے لیے کوئی امیدوار نہیں؟"

اس گاؤں کا سر • اہ اُٹھا اور کہا کہ "ہمارا جانور یہ ہے۔"

• وز • وں نے کہا کہ، "کہاں ہے؟"

گاؤں کے سر • اہ نے کہا کہ، "یہ اتنا چھو• ہے کہ آپ اسے دیکھ نہیں • • ، ہمارا امیدوار چیو • ہے۔"

• وز • وں نے سوچا کہ گاؤں کا سر • اہ مذاق کر رہا ہے۔ اُس نے کہا، "• ا • چیو •؟ کیا مذاق کر رہے ہو؟ چیو • نہیں • ی• سکتی۔ تمھیں سوچنا چاہیے یہ مذاق ہے۔"

سر • اہ نے کہا، "نہیں ہم نے چیو • کا انتخاب کیا ہے اور یقین ہے کہ وہ • ی• سکتی ہے۔ دوڑ کے آغاز کی گھنٹی بجی اور دوڑ شروع ہو گئی۔ جوں ہی شیر دوڑا انھوں نے سوچا کہ یہ • ی• جائے گا۔ لیکن کچھ د • دوڑنے کے بعد شیر نے کنار • • • ا • ہرن کو دوڑتے ہوئے دیکھا۔ کیو • وہ بھوکا تھا اس لیے اس نے خوراک کے لیے ہرن کا پیچھا شروع کر دی۔ گاؤں والوں نے چیخ چیخ کر رُکنے کا اشارہ کیا لیکن شیر نے • • کو •

• ا••ازکمر دیا۔لوگوں کا خیال تھا کہ شیر اپنا شکار کھانے کے بعد دوڑ کے لیے واپس راستے
• پر آجائے گا، لیکن کھانے کے بعد شیر نے جمائی لی اور لیٹ کر سو گیا۔

• باقی پانچوں گاؤں کے لوگ بہت خوش ہوئے کہ شیر سو چکا ہے اور سوچنے لگے کہ اب ان کے جانوروں کو موقع ملے گا۔ دوسرے گاؤں کے لوگ بہت پُر جوش تھے کہ اب اُن کا ہاتھی بڑی تیز رفتار سے دوڑ رہا تھا۔ راستے میں ہاتھی نے ایک ہتھنی کو دیکھا۔ اچانک ہاتھی سڑک سے باہر چلا گیا، مڑ گیا اور جنگل میں چلا گیا۔ کئی گھنٹے تک لوگوں نے ہاتھی کو دوبارہ نہ دیکھا۔

اس سے باقی چاروں گاؤں کے لوگوں کو امید پیدا ہوئی۔ تیسرے گاؤں کے لوگوں نے سوچا کہ سانپ سڑک پر رینگتا ہوا سلطنت کے دروزے کی طرف بڑھتا رہے گا۔ ان کا خیال تھا کی یہ ان کے جیتنے کا اچھا موقع ہے۔ اچانک سانپ نے ایک نیولا اپنی بِل (بانبی) کے قریب دیکھا۔ سانپ نے اُس بل میں کچھ موتی چھپائے ہوئے تھے۔ نیولے کو اپنی بل میں گھستے دیکھ کر اسے غصہ آگیا۔ سانپ سڑک سے اپنی بل کی طرف دوڑ پڑا اور غصّے سے نیولے کے لیے پھنکار کی آواز نکالی۔ نیولا وہیں جم کر کھڑا رہا اور بل نہ چھوڑی اور سانپ کے حملہ بولنے پر حملے کے لیے تیار ہو گیا۔ سانپ اور نیولا ایک دوسرے کو زچ کر رہے تھے اور کوئی بھی بل چھوڑنے کے لیے تیار نہ تھا۔

• باقی تینوں گاؤں کے لوگ بہت خوش تھے کہ اُن کے انتخاب کو موقع ملنے والا ہے۔ چوتھے گاؤں کے سربراہ نے کہا، دیکھو، خرگوش جیتے گا کیونکہ اس دوڑ میں کوئی چھوا نہیں ہے اس لیے یہ جیت جائے گا۔ اچانک خرگوش نے بھاگتے ہوئے کچھ خرگوشوں کو ایک طرف کھیلتے ہوئے دیکھا۔ خرگوش ان کے ساتھ کھیلنا چاہتا تھا۔ وہ دوسرے خرگوشوں کے ساتھ بھاگ گیا۔ چوتھے گاؤں کے لوگوں نے خرگوش کو آوازیں دینا شروع کیں "نہیں، واپس سڑک پر آؤ"، لیکن وہ کھیل میں بہت مشغول ہو گیا۔

• پانچویں گاؤں کے لوگوں نے سکھ کا سانس لیا۔ وہ جانتے تھے کہ لومڑی کے مقابلے

میں صرف چیونٹی ہے۔ انھوں نے کہا، "چھٹے گاؤں کے لوگوں نے مقابلے کے لیے ایک ہارنے والے کیڑے کو منتخب کیا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ لومڑی جیت جائے گی۔ پانچویں گاؤں کے لوگ لومڑی کو سڑک پر بھاگتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔ اچانک لومڑی رُکی، اسے کھیت میں کچھ مُرغیاں انڈوں پر بیٹھی ہوئی نظر آئیں۔ لومڑی کو انڈے چرانے کی عادت ہوتی ہے اور وہ مُرغیوں کے انڈوں سے اُٹھنے کا انتظار کرنے لگی۔

چھٹے گاؤں کے لوگوں کو محسوس ہوا کہ اب انہیں موقع ملے گا۔ جب انھوں نے باقی پانچ جانوروں کو کسی رُکاوٹ کے بغیر راستے سے ہٹتے ہوئے دیکھا تو وہ پریشان ہوئے۔ کیا اُن کی چیونٹی بھی راستے سے ہٹ جائے گی؟ لیکن چھٹے گاؤں کے دانا شخص کو چیونٹی پر بھروسہ تھا۔ وہ یہ بات بھلا کیسے جانتا تھا؟ دوڑ سے ایک رات پہلے، جب تمام لوگ سو رہے تھے، دانا شخص باہر سڑک پر گیا اور پوری سڑک پر بوتل کے ذریعے میٹھے پانی کی ایک لائن دوڑ کے نقطۂ آغاز سے سلطنت کے دروازے تک کھینچ دی۔ اگلے دن جب دوڑ شروع ہونے لگی، اُس نے چیونٹی کو میٹھے پانی کے راستے کے شروع میں رکھ دیا۔ اُسے پورا یقین تھا کہ چیونٹی اسی میٹھے پانی کی لائن کے ساتھ چلے گی، چیونٹی نے اپنا سفر جاری رکھا اور کسی چیز کے لیے نہ رُکی۔

دوسرے تمام گاؤں کے لوگوں کی بولیوں اور چیخوں کے باوجود کسی بھی جانور نے اپنا طرزِ عمل نہ بدلا۔ چھٹے گاؤں کے لوگوں نے جب حقیر سی چیونٹی کو سلطنت کے دروازے پر دیکھا تو اُنھیں فخر محسوس ہوا اور اُنھوں نے تالیاں بجائیں۔

بادشاہ کے وزیر حیران تھے کہ ایک حقیر سی چیونٹی کیسے جیت گئی۔ وہ حیران تھے کہ یہ چیونٹی کیسے 'شانِ سلطنت' بن سکے گی۔ بادشاہ چیونٹی کے اپنی منزل کے عزم سے بہت متاثر ہُوا، لیکن اُس دانا شخص کی چالاکی سے بھی، جس نے اُس کے لیے راستہ بنایا تھا۔ بادشاہ نے کہا، "میں چیونٹی کے جیتنے کا اعلان کرتا ہوں۔"

بادشاہ اور اُس کے وزیر اُس دانا شخص کے پاس پہنچے اور پوچھا کہ، "اُس نے چیونٹی

کا انتخاب کیسے کیا؟"

دانا شخص نے کہا، "مقابلے میں حصّہ لینے والے باقی تمام جاندار اپنے کردار کی ناکامی کے باعث اپنی منزل سے بھٹک گئے۔"

پہلے گاؤں کے لوگوں نے کہا، "ہمارا شیر کیوں ہار گیا؟ کیا شیر جنگل کا بادشاہ نہیں ہے؟"

دانا شخص نے وضاحت کی، "اگرچہ شیر جنگل کا بادشاہ ہے اور دوسرے جانور اُس سے ڈرتے ہیں لیکن یہ ہار گیا، کیونکہ یہ انا سے بھرا ہُوا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ وہ اپنی خوراک کے لیے کسی بھی جانور کو پکڑ سکتا ہے۔ شیر جانتا ہے کہ اُسے کوئی کام کرنے کی ضرورت نہیں، وہ جب چاہے آرام کرسکتا ہے، سوسکتا ہے اور جب کھانا چاہے کسی بھی جانور کو دبوچ سکتا ہے۔ اس طرح وہ جانتا ہے کہ سب اُس کے حُکم کے غلام ہیں اور اُسے محنت نہیں کرنی پڑتی۔ وہ انا سے اتنا بھرا ہُوا ہے کہ اُسے کسی سے مقابلے کی ضرورت نہیں۔ شیر اپنے آپ کو بہتر بنانے کے متعلق نہیں سوچتا۔ منزل اُس کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتی، کیونکہ وہ جو چیز جب اور جہاں چاہے حاصل کرسکتا ہے۔ اُس کی انا اُسے کوئی چیز اپنی مرضی کے بغیر حاصل کرنے سے روکتی ہے۔"

دوسرے گاؤں کے لوگوں نے کہا، "ہمیں سمجھ نہیں آئی کہ ہاتھی کیوں ہار گیا؟"

دانا آدمی نے وضاحت کی، "ہاتھی اپنی ہوس کی وجہ سے مشہور ہے۔ اُس کی توجہ ہتھنی پر اتنی مرکوز تھی کہ وہ اپنی منزل کھو بیٹھا۔ وہ اپنی ہوس کو پورا کرنے میں اتنا مگن تھا کہ وہ منزل کا راستہ بھول گیا۔"

تیسرے گاؤں کے لوگوں نے کہا، "پھر سانپ کیوں ہار گیا؟"

دانا آدمی نے وضاحت کی، "سانپ میں غصّہ بھرا ہُوا ہے۔ کسی بھی وقت جب اُسے کامیابی نہیں ملتی یہ پھنکارتا اور ڈستا ہے۔ اُسے اپنے غصّے پر قابو نہیں ہے۔ وہ نیولے کے اپنی بِل کے قریب آنے پر اتنا غصّے میں آگیا کہ وہ دوڑ پر توجّہ نہ دے سکا،

وہ غصّے اور انتقام کا اِس طرح شکار ہُوا کہ اُس نے کسی دوسری چیز کے متعلق نہ سوچا۔ یہی وجہ ہے کہ سانپ اپنی توجہ کھو بیٹھا اور دوڑ ہار گیا۔"

چوتھے گاؤں کے لوگوں نے کہا، "خرگوش کو تیز رفتار سمجھا جاتا ہے۔ چوہا دوڑ میں کچھوا نہ تھا، اس لیے اُسے جیتنا چاہیے تھا۔ پھر یہ کیوں ہار گیا؟"

دانا شخص نے کہا، "خرگوش دوسرے ساتھی خرگوشوں سے لگاؤ سے بھرا ہُوا ہے۔ ایک مرتبہ جب وہ ساتھیوں کے ساتھ کھیل میں مصروف ہُوا تو پھر کھیل ہی اُس کے لیے دوسری چیزوں سے اہم تھا۔ وہ اپنے ساتھ وابستہ رہنے والوں کے ساتھ خوش تھا۔ وہ اُن سے اتنا لگاؤ رکھتا تھا کہ وہ اپنی منزل پر توجہ نہ رکھ سکا۔"

آخر میں پانچویں گاؤں والوں نے پوچھا، "لومڑی کا کیا معاملہ ہے؟ اُسے چالاک سمجھا جاتا ہے پھر وہ کیوں ہار گئی؟"

دانا شخص نے کہا، "کیا تم نے غور کیا کہ لومڑی نے کیا کِیا؟ وہ مُرغی کے انڈے چُرانے کا موقع حاصل کرنے میں اتنی دلچسپی رکھتی تھی کہ اُس نے دوڑ چھوڑ دی۔ لومڑی لالچ سے بھری ہُوئی ہے۔ وہ اپنے حصّے سے مطمئن نہیں ہوتی، بلکہ دوسروں کا حصّہ لینا چاہتی ہے۔ وہ لالچی ہے اور دوسروں کا حصّہ لینا چاہتی ہے۔ وہ اپنی محنت پر گزارا نہیں کرتی، بلکہ دوسروں سے لینا چاہتی ہے۔ یہی وجہ ہے جو دوڑ چھوڑنے کا باعث بنی اور اُس نے چوری پر توجہ مرکوز رکھی۔

تمام گاؤں کے لوگوں نے کہا، "ہم سمجھ گئے کہ دوڑ کے لیے منتخب کیے گئے ہمارے جانوروں کے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا لیکن یہ حقیر سی چیونٹی کیسے جیت گئی؟"

دانا آدمی نے کہا، "چیونٹی بہت محنتی اور کام میں مصروف رہنے والی ہوتی ہے۔ اگر ایک مرتبہ کسی کام میں لگ جائے وہ اُس وقت تک مصروف رہتی ہے، جب تک کہ یہ کام پورا نہ ہو، اس کے علاوہ چیونٹی ایک ہی راستے پر چلتی رہتی ہے۔ ایک مرتبہ چیونٹی کو راستہ دے دیا جائے تو وہ پوری لگن سے اُس کی پیروی کرتی ہے۔ وہ کسی چیز کو رُکاوٹ نہیں

دیتی۔ وہ دوسری سر•میوں کے لیے راستے سے نہیں ہٹتی۔ چیو••ای•راستے پ•چل
پ•ے تو اُس کے اختتام پ•پہنچ کر دَم لیتی ہے۔ وہ میٹھا پسند کرتی ہے اور اُس نے راستے
میں میٹھے پ•نی کا مزہ لیا۔ ہر مرتبہ• ••اُس نے راستے ••ں پ•نی چکھا اُسے••ی• پ•نی کی
خواہش ہوئی۔ یہی چیز چیو•کو لائن کے اختتام• •لے گئی۔"
•دشاہ دا• شخص کی وضا••• سے بہت خوش ہُوا اور خوشی سے چیو•کو فاتح قرار
دی•۔

یہ کہانی •• •نی حا••• کے مختلف پہلوؤں کی وضا••• کرتی ہے••ا• •ہم کسی بھی
•• •ن سے پوچھیں، "کیا وہ خُدا•کو پ• چاہتا ہے؟" ••کا••ای• •ہی جواب ہو• ہے،
"جی ہاں" لیکن ا• •آپ اُنھیں راستہ دِکھا دیں، جس کے ذریعے وہ خُدا•کو پ• •ہیں،
تو صرف چند لوگ ہی خُدا کی چوکھٹ پ•پہنچیں گے۔ کہانی میں بیان کی گئی وجوہات، جو
مختلف مخلوقات کے راستے سے• ••کا• • ••بنیں، اُنھی وجوہات •کے •• •••• •ن بھی
راستے سے ہٹ جائے گا۔ا•، ہوس، غُصّہ، وابستگی اور لالچ •• •نوں کو راستے سے ہٹا
دیں گے۔

•یہ پ•نچ چور کہلاتے ہیں، جو ہمیں خُدا سے دُورو• •ہیں• ••بھی ہمیں منزلِ مقصود
یعنی خُدا کی سلطنت کے دروازے• •پہنچنے سے روکنے کے لیے ان چار چوروں کا
استعمال کر• ہے۔

جس طروح ا• •نے کہانی میں موجود شیر کو• ••دی•، اسی طروح ا• ہماری توجہ خُدا کی
بجائے اپنے آپ پ•مرکوز ر• •ہے۔• ••ہم• پ•ا• کا پوری طرح غلبہ ہو تو یہ ہمارے
•ا•ر یہ سوچ پیدا کرتی ہے کہ ہمیں خُدا کی ضرورت نہیں۔ یہ ہمیں بتاتی ہے کہ ہم• •
کچھ جا• •ہیں• ہمیں ہر چیز کا علم ہے۔ یہ ہمیں کسی رہنما کی تلاش سے روکتی ہے، جو خُدا
کی طرف ہماری رہنمائی کر سکے۔ یہ ہمیں بتاتی ہے کہ ہم پہلے سے ہی نیک اور کامل ہیں
اور کچھ بھی کیے بغیر• ••ہم و• •چھوڑیں گے، خُدا کا دروازہ ہمارے لیے کھُلا ہوگا۔ شیر

کی طرح ہم سوچتے ہیں کہ ہم اپنی سلطنت کے خود ہی بادشاہ ہیں اور رُوحانی مشق کیے بغیر ہی خُدا ہمیں گلے سے لگا لے گا اور ہم اپنی زندگی غفلت میں گزار دیتے ہیں۔ ہم دوسرے لوگوں کو اپنے سے کم تر سمجھتے ہیں اور اُنھیں اپنا نوکر یا غلام سمجھتے ہیں، جو ہماری ضروریات کا خیال رکھتے ہیں، ہم اُن پر کام کی جگہ، گھر میں یا معاشرے میں حُکم چلاتے ہیں۔ ہم اپنے دوستوں، اِردگرد بسنے والوں اور معاشرے سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ ہماری مرضی کے مطابق کام کریں۔ ہم سوچتے ہیں کہ ہم سب سے بہتر ہیں اور باقی سب کو ہمارا حُکم ماننا چاہیے۔ ہم سوچتے ہیں کہ خُدا ہماری خدمت کے لیے ہے۔

ہوس نے ہاتھی کو بھٹکا دیا۔ اسی طرح سے ہوس ایک اور چور ہے، جو ہمیں خُدا سے دور کرتا ہے، اس دُنیا میں دوسروں سے پیار کرنا ایک الگ چیز ہے، لیکن ہوس میں ہم خُدا کو بھول جاتے ہیں اور اپنی خواہشات کو پورا کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔ ہوس، حواس کی لذّتیں جیسے مختلف ذائقے دار کھانے، خوشبو، موسیقی، خوبصورت مقام دیکھنے کا شوق، شہوت، الکحل، نشہ آور چیزیں، جوا یا کوئی ایسی عادت جو ہماری توجہ کو اپنی منزل یعنی خُدا کو پانے سے ہٹاتی ہے، ہمارے راستے میں رُکاوٹ بنتی ہیں۔

سانپ غصّے کی وجہ سے راستے سے ہٹ گیا، اُس کی توجہ اپنے غصّے پر اتنی زیادہ ہوگئی کہ وہ اپنا مقصد بھول گیا۔ اگر ہم اپنی زندگی کا جائزہ لیں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ ہم کس طرح غصّے کا شکار ہوتے ہیں۔ کئی چیزیں ہمیں غصہ دِلاتی ہیں۔ ہم ہر اُس شخص پر غصہ کرتے ہیں جو ہماری توقعات پر پورے نہیں اُترتے۔ بعض اوقات ہم اپنے غصّے پر قابو نہیں رکھ پاتے اور بدلہ لینا چاہتے ہیں۔ ہم منصوبہ بناتے ہیں کہ اُس شخص کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے، جس نے ہمیں غصہ دِلایا ہے۔ غصہ ہمارے خیالات اور قول و فعل پر حاوی ہو جاتا ہے اور ہم اپنی رُوحانی منزل کے راستے سے بھٹک جاتے ہیں۔

خرگوش اپنے دوسرے ساتھی خرگوشوں سے وابستگی کی وجہ سے راستے سے ہٹ گیا۔ اُس کے خیال میں دوسرے ساتھیوں کے ساتھ کھیلنا ہی سب سے اہم تھا۔ اسی

طرح سے لوگ خُدا کے علاوہ ہر چیز کو اپنی زندگی میں اُوپر رکھتے ہیں اور خُدا کو اپنی منزلِ مقصود نہیں بناتے۔

لومڑی اپنے لالچ کے باعث اپنے راستے سے ہٹ گئی۔ کچھ لوگ ایسے ہیں جو اپنے پاس موجود چیزوں سے مطمئن نہیں ہوتے، بلکہ مزید حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ صبح اُٹھنے سے لے کر رات سونے تک اپنا تمام وقت مزید دولت اور مزید چیزوں کا ڈھیر لگانے میں مصروف رہتے ہیں، بجائے اِس کے کہ اپنی زندگی کو متوازن طریقے سے گزارتے ہُوئے خُدا کو پانے کی کوشش کریں۔ کچھ لوگ اپنی جائداد بڑھانا چاہتے ہیں، کچھ لوگ اپنی طاقت، نام اور شہرت میں اضافہ چاہتے ہیں۔ لالچ لوگوں کو لومڑی جیسا بنا دیتا ہے، جو چوری کرنا چاہتا ہے۔ اس طرح وہ خُدا کی طرف واپسی کے لیے مُراقبہ کو وقت دینا بھول جاتے ہیں۔

جو کہانی کی پانچ مخلوقات کی طرح اپنی منزل سے ہٹ جاتے ہیں۔ اُن لوگوں کی خا… کو کبیر صاحب نے اس دوہے میں بیان کیا ہے:

رات گنوائی سوئی کے، دِوس گنوائیو کھائے

ہیرا جنم امول تھا، کوڑی بدلے جائے

ترجمہ: تُم نے اپنی زندگی سونے میں گنوا دی اور جسم کی پرورش کرتے ہوئے دِن گزر گئے۔ افسوس کہ زندگی کا قیمتی خزانہ سستے داموں فروخت ہو گیا۔

کہانی میں موجود تمام جانوروں نے اپنی منزل اپنی مادّی خواہشات کو پورا کرنے کے باعث گنوا دی۔ وہ بادشاہ سے انعام و اکرام پا سکتے تھے لیکن شیر نے اپنی خوراک حاصل کر لی، ہاتھی نے اپنی ہوس کی خواہش پوری کی، سانپ نے اپنی بل حاصل کی، خرگوش اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھیلنے لگ گیا اور لومڑی نے مُرغی کے انڈے حاصل کر لیے۔ صرف چیونٹی ہی بادشاہ کی پسندیدگی حاصل کر سکی۔

اسی طرح ہم بھی خُدا کی سلطنت میں داخل ہو سکتے ہیں لیکن ہم زندگی کے اِس قیمتی

• اپنے کو کھانے پینے سونے اور خواہشات کو پورا کرنے میں گنوا رہے ہیں۔

اگر ہم خُدا کے پاس واپس جانا چاہتے ہیں تو ہم چیونٹی سے سبق سیکھ سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ جب چیونٹی ایک راستے پر چلنے لگتی ہے، تو وہ منزل پر پہنچنے تک اُسی راستے کی پیروی کرتی ہے۔ وہ اِدھر اُدھر نہیں ہٹتی بلکہ اپنی توجّہ ایک ہی چیز یعنی اپنے راستے پر چلنے کی طرف مرکوز رکھتی ہے۔ وہ یہ سوچتے ہوئے نہیں رُکتی کہ "افسوس میں ابھی تک منزل پر نہیں پہنچی اس لیے مجھے یہ راستہ چھوڑ دینا چاہیے۔" وہ ہر لمحہ ایک قدم آگے کی جانب بڑھتی ہے اور لگاتار کوشش کرتے ہوئے آخر کار اپنی منزل پر پہنچ جاتی ہے۔

کوشش کے علاوہ ایک اور عنصر بھی اہم تھا جو چیونٹی کی کامیابی کا باعث بنا۔ اُس کی اپنی منزل کے ساتھ جُڑے رہنے کی خوبی کو دانا شخص کی مدد نے بھی متوجّہ کیا۔ اس نے چیونٹی کے لیے راستہ بنا دیا اور یہی کام مُرشدِ کامل ہمارے لیے کرتے ہیں۔ جب بھی ہمارے اندر اپنی منزل یعنی خُدا کو پانے کی خواہش پیدا ہوتی ہے تو ایک مُرشدِ کامل ہمیں صحیح راستے پر ڈال دیتے ہیں وہ اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہم غلط سمت میں نہ بھٹک سکیں۔

ایک مُرشدِ کامل ہمارے لیے وہ اقدامات کرتے ہیں جن پر عمل کر کے ہم خُدا تک پہنچ سکیں۔ اگر ہم اپنے راستے پر چلتے رہیں اور اپنے راستے سے نہ ہٹیں تو ہم اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے۔

پہلا قدم نورِ خُدا اور صدائے آسمانی کے لیے بیعت ہونے کا ہے۔ اس کے لیے بنیادی شرائط میں سبزی خوری، الکحل اور تمام نشہ آور ادویات سے پرہیز اور ایماندارانہ طریقے سے اپنی روزی کمانا شامل ہے۔

دوسرا قدم یہ ہے کہ بیعت ہونے کے بعد ہم کم از کم اڑھائی گھنٹے مُراقبہ کریں۔

تیسرا قدم یہ ہے کہ ہم ذاتی محاسبہ کے لیے ڈائری رکھیں تاکہ اپنے خیالات اور قول و فعل کے ذریعے ...کے، ہوس، غصّے، لگاؤ، لالچ اور انا کی کوشش کے ذریعے ...

سے بچ سکیں اور ہمارے اندر عدم تشدد، سچائی، پاکیزگی، عاجزی اور بے لوث خدمت کے جذبات پیدا ہوں۔

چوتھا قدم یہ ہے کہ ہم اپنی توجہ خُدا پر مرکوز رکھیں۔ اس مقصد کے لیے ہمیں ست سنگ میں جانے سے رُوحانی ترقی ملتی ہے، کیونکہ وہاں رُوحانی طور پر چارج شدہ ماحول میں ہمیں رُوحانی تعلیمات سمجھائی جاتی ہیں۔

پانچواں قدم یہ ہے کہ ہم بے لوث خدمت کریں۔ یہی وہ راستہ ہے جو ہمارے لیے [illegible] ہے۔

مُرشدِ کامل راستہ بتانے سے بھی بڑھ کر ہمارے لیے کام کرتے ہیں۔ کہانی میں دانا شخص چیونٹی کے لیے صرف راستہ ہی نہیں بتاتا، بلکہ یہ جانتا ہے کہ چیونٹیاں مٹھاس اور پانی پسند کرتی ہیں، اُس نے میٹھے پانی کا [illegible] راستے کے ساتھ ساتھ بچھا دیا۔ یہی کام مُرشدِ کامل ہمارے لیے کرتے ہیں۔ وہ راستے کے ساتھ کلمہ کے مٹھاس بھرے پانی کا [illegible] چھوڑتے ہیں، وہ کلمہ، روشنی اور آواز کی دھارا ہے، جو خُدا کا امرِت ہے۔ مُرشدِ کامل ہمیں بیعت کے ذریعے روشنی اور آواز کی دھارا کے میٹھے پانی سے جوڑ دیتے ہیں، جو خُدا کی طرف سے آتا ہے۔

روشنی اور آواز اِس دُنیا کے سورج کی روشنی یا کی آواز کی طرح کوئی مادّی چیز نہیں ہیں۔ یہ باطنی روشنی اور آواز ارتعاشات کی ایک دھارا ہے جو خُدا کا ہی ایک پہلو ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ جب ہم کچھ لوگوں کے درمیان بیٹھے ہوں تو پیار کو کیسے محسوس کرتے ہیں۔ بیرونی آنکھوں سے کچھ بھی ہوتا ہوا دِکھائی نہیں دیتا، لیکن پیار کے ارتعاشات دو لوگوں کے درمیان چلتے ہیں۔ یہ ایک چھوٹا سا عکس ہے جو سمجھاتا ہے کہ جب ہماری رُوح خُدا سے جُڑتی ہے تو ایسے ہی احساسات پیدا ہوتے ہیں۔ خُدا شعور کا ایک سمندر ہے۔ ہماری رُوح اُسی کا ایک پہلو ہے۔ جب ہم اپنی توجہ کو جسم اور دُنیا سے ہٹا لیتے ہیں تو ہم اپنی اصلیت یعنی رُوح کے بارے میں جان لیتے ہیں۔ جسم اور دُنیا کے ساتھ

جُڑے رہنے کی وجہ سے ہم اپنی رُوح کے متعلق نہیں جان پاتے۔
روشنی اور آواز کی دھارا کے تجربے اور اُس سے ملنے والی خوشی کے بعد ہمیں اس تجربے کی مزید خواہش ہوتی ہے۔ جب ہم اس راستے پر آگے قدم بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں تو مُرشدِ پاک کی رحمت کے باعث ہمیں مزید رُوحانی خوشی سے نوازا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک دِن ہم اپنے آپ کو خُدا کی سلطنت میں پاتے ہیں۔
کلمہ یا نام کی مٹھاس ہمیں اطمینان بخشتی ہے۔ ہم مُراقبہ کے ذریعے اس مٹھاس کا جتنا زیادہ تجربہ کرتے ہیں اُتنا ہی ہم دُنیاوی چیزوں کی طرف کم مائل ہوتے ہیں۔ خُدا کے پیار کی مٹھاس سے لُطف اندوز ہوجانے کے بعد ہم اپنی اَنا کھودیتے ہیں، ہم پیار کی مٹھاس سے بھرپور ہوجاتے ہیں اور صرف اُسی مٹھاس کو پانا چاہتے ہیں۔ خُدا کے پیار کی مٹھاس پاکر ہم ہوس کا شکار نہیں ہوتے۔ خُدا کا پیار دُنیا کے پیار کے مقابلے میں زیادہ طمانیت بخشتا ہے۔ دُنیا کا پیار ہمیں خوشی دیتا ہے، جبکہ خُدا کا پیار ہماری رُوح کے ذریعے ہماری رگوں میں سرایت کرجاتا ہے۔
خُدا کے پیار کی مٹھاس پاکر ہم ایسے حالات کا شکار نہیں ہوتے جو ہمیں غصّہ دِلائیں۔ ہم خُدا کے پیار کی سرمستی میں اتنے سرشار ہوجاتے ہیں کہ دوسرے لوگ جو کچھ بھی کرتے رہیں ہمیں غصّہ نہیں آتا۔ خُدا کے پیار کی مٹھاس حاصل کرنے کے بعد ہم کسی بھی قسم کی وابستگی کا شکار نہیں ہوتے کیونکہ ہم سمجھ جاتے ہیں کہ کوئی بھی دُنیاوی چیز خُدا کے مقابلے میں ہمیں اطمینان نہیں دے سکتی۔ ہم روزی کمانے کے لیے سخت محنت کرتے ہیں اور جو کچھ ہمیں مِلا ہے اُسی پر مطمئن رہتے ہیں۔ ہم اپنی اور اپنے خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جو کچھ میسر ہو، خرچ کرتے ہیں۔ ہم جان جاتے ہیں کہ کوئی بھی کمپیوٹر کی سرگرمی اتنی طمانیت بخش نہیں، جتنی خُدا سے جُڑنے کے بعد مگن ہوکر گزارے گئے وقت کی سرمستی سے حاصل ہوتی ہے۔ ہمیں جو کچھ خُدا کی طرف سے عطا ہوتا ہے ہم اُس پر شکرگزار ہوتے ہیں۔

وہ تمام لوگ جو رُوحانی منزل کو پانے کے لیے پُرعزم ہیں، چیونٹی کی طرح ہیں۔ خواہ ارب پتی ہوں، مشہور فنکار، سائنس دان یا کوئی بھی انسان، جس نے اپنے لیے نام کمایا ہے، اُن سب کی یکساں خوبی منزل پر پہنچنے کا عزم ہے۔ اگر انھیں تمام رات بھی کام کرنا پڑتا تو وہ تمام رات کام کرتے۔ فقرائے کاملین اپنی زندگی کے فرصت کے لمحات خُدا کی یاد میں مُراقبہ میں گزارتے تھے۔ اگر ہم عزم کے ساتھ مُراقبہ کو اپنا مقصد بنالیں تو ہم اپنی رُوح کو خُدا سے وصال کی منزل تک پہنچا سکتے ہیں۔ بیعت ہمارے اندر سے بڑھے خوف، مَوت اور بُڑھاپے کو ختم کرتی ہے۔ صوفیائے کرام مسلسل یہ پیغام دیتے آ رہے ہیں کہ ہم جسم نہیں، بلکہ ہمیشہ رہنے والی رُوح ہیں۔ ہم ایک ابدی نُور ہیں۔ اپنے اصلی رُوپ کو جاننے کے لیے، ہم اپنی توجہ باطن کی طرف موڑ کر، اُس چھپے ہوئے نُور یا اپنی اصلیت کو تلاش کرسکتے ہیں۔

ایک دریا کی دلچسپ کہانی ہے۔ دریا کا سفر پہاڑ کی چوٹی سے شروع ہوا۔ وہ پہاڑ سے نیچے کی جانب بہا اور درختوں کے قریب سے بہتا رہا۔ وہ چٹانوں سے اُچھلا اور بعض اوقات راستے میں آبشاروں میں غوطے لگائے۔ اچانک دریا کو ایک صحرا کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ نہیں جانتا تھا کہ کیا کیا جائے۔ وہ اپنے راستے پر بہنے کا عادی تھا، لیکن اب دریا کا راستہ ختم ہونے کے قریب تھا۔ میلوں دُور تک ریت کے سوا کچھ نہ تھا۔

دریا نے کہا، ''میں اپنے راستے میں آنے والی ہر چیز کو عبور کرنے کا عادی ہوں اس لیے میں ریت کو بھی پار کرلوں گا۔'' دریا نے ریت کو پار کرنے کی کوشش کی۔ لیکن ہر مرتبہ جوں ہی وہ ریت پر قدم رکھتا اُس کا پانی خشک ہوجاتا اور ریت میں جذب ہوکر غائب ہوجاتا۔

''یہ عجیب بات ہے،'' دریا نے کہا۔ ''میرے ساتھ اس سے پہلے ایسا کبھی نہیں ہُوا۔ میں اس صحرا کو کیسے پار کروں گا؟''

اچانک صحرا کی ریت دریا سے مخاطب ہوئی اور کہا، ''ہَوا ریت کو پار کرسکتی ہے۔''

دریا نے کہا، "یہ ٹھیک ہے، ہَوا اُڑتی ہوئی ویرانہ پار کرتی ہے۔"

ویرانے نے دریا کو نصیحت کی، "اپنے آپ ویرانے کو پار کرنے کی کوشش نہ کرو، کیونکہ تُمہارے پانی کے قطرے ویرانے میں جذب ہو جائیں گے اور تُم پانی سے محروم ہو جاؤ گے۔ تُم ہوا سے کہو کہ وہ تمھیں ویرانے کے پار لے جائے ورنہ تمہارا سارا پانی ویرانے میں غائب ہو جائے گا۔"

ندی حیران تھی کہ ہَوا کیسے مجھے ویرانہ عبور کروا سکتی ہے؟

ویرانے نے وضاحت کی، "ہوا کو دیکھو۔ وہ ہر وقت چیزوں کو اُٹھا کر ویرانہ عبور کراتی ہے۔ وہ تمہارے پانی کو بھی اُٹھا لے گی اور صحرا کو پار کرا دے گی اور پھر تمھیں دوسری طرف برسا دے گی۔"

دریا نے کہا، "میں اتنا بڑا دریا ہوں جس میں بے شمار قطرے ہیں، یہ ہلکی سی ہَوا میرے بھاری پانی کے قطروں کو کیسے اُٹھا سکتی ہے؟"

ویرانے نے کہا، "ہَوا نے اِس سے پہلے بھی پانی کو اُٹھایا ہے اور تمہارے لیے بھی ایسا کر سکتی ہے۔ بس بھروسہ رکھو اور ہَوا کو اجازت دے کر خود دیکھ لو۔ تمھیں یقین آ جائے گا۔ اگر تُم ہَوا کو لے جانے کی اجازت نہیں دو گے، تو تمہارا پانی یہیں رُک جائے گا اور تُم رفتہ رفتہ ویرانے میں جذب ہو کر غائب ہو جاؤ گے۔"

دریا نے کہا، "کیا تُم مجھے اِس بات کی گارنٹی دیتی ہو جو تُم کہہ رہی ہو؟"

ویرانے نے کہا، "اگر تُم کوشش نہیں کرو گے تو یقیناً ختم ہو جاؤ گے۔ تمہارا پانی ہمارے اندر جذب ہو جائے گا اور تمہارے پاس کچھ نہیں بچے گا۔ ہَوا کو صحرا عبور کروانے کے لیے کہنے میں کوئی نقصان نہیں۔"

دریا نے ہوا سے درخواست کی کہ اُسے صحرا عبور کرنے میں مدد کرے تاکہ وہ ویرانے میں غائب ہو کر ختم ہونے سے بچ سکے۔

دریا نے کہا، "لیکن یہ تُم کیسے کر سکتی ہو، میں تُم سے کہیں زیادہ وزن رکھتا ہوں۔"

ہوا نے جواب دیا، ''تم اپنی اصلیت کو نہیں سمجھتے۔ اگر تم کو علم ہوتا کہ ہَوا تمھیں اُوپر اُٹھا سکتی ہے۔ اور اگر تم جانتے کہ تمہاری حقیقت کیا ہے تو تم خوشی خوشی اُوپر اُٹھتے اور میرے ساتھ اُڑتے۔''

دریا نے کچھ دیر غور کیا تو اُسے پتہ چلا کہ وہ بھی آکسیجن اور ہائیڈروجن گیسوں سے بنا ہوا ہے۔ اُس کی اصل حالت بخارات ہیں۔ جوں ہی اُس نے اپنی حقیقت کو جانا، تو پانی کے قطرے بخارات کی صورت میں اُوپر اُٹھے اور ہَوا کے ساتھ مِل گئے۔ ہوا پانی کے قطروں کو بخارات کی صورت میں اپنے ساتھ کئی میل تک پھیلے صحرا سے اُڑا کر پار لے گئی۔ دریا زمین سے اوپر اُٹھ کر ہَوا کے ساتھ اُڑتے ہوئے بہت خوش تھا، پھر جب ہَوا صحرا کے پار پہنچی، وہاں ایک پہاڑ تھا۔ جوں ہی بخارات ٹھنڈے ہُوئے، وہ پانی میں تبدیل ہو کر بارش کی شکل میں گرے۔ بارش کا پانی اکٹھا ہُوا اور پہاڑ سے نیچے کی طرف بہتا ہُوا ایک نئے دریا کی شکل اختیار کر گیا۔ دریا مسلسل بہتا رہا حتیٰ کہ وہ سمندر کے قریب پہنچ گیا اور اُس میں شامل ہو کر سمندر کا ہی ایک حصہ بن گیا۔

یہ کہانی ہماری زندگی کی حالت بیان کرتی ہے۔ ہم دریا کی مانند ہیں۔ ایک دِن ایسا آئے گا جب ہم صحرا میں پہنچ کر خشک ہو جائیں گے اور ہمارا خاتمہ ہو جائے گا۔ اگر ہم سوچیں کہ ہم ایک جسم ہیں تو ہمیں خوف رہے گا، جس طرح دریا کو صحرا میں خشک ہو جانے کا خوف تھا۔ ایک عظیم ہَوا ہمیں اپنے ساتھ دوسری طرف لے جا سکتی ہے۔ مُرشدِ پاک ہمیں اس عظیم ہَوا سے جوڑتے ہیں جو کہ وقت کی وادی سے ہمیں اُوپر اُٹھا کر پار کرواتی ہے۔ وہ عظیم ہَوا خُدا کا نُور اور آواز کی دھارا کہلاتی ہے۔

یہ روشنی اور آواز کی دھارا تمام کائنات میں سے گزرتی ہے۔ ہمارے باطن میں موجود رُوح، خُدا کے نُور کا ایک ذرّہ ہے۔ اگر ہم اس نُور کے ذرّے کو ترقی دیں کہ وہ روشنی اور آواز سے جُڑ سکے تو ہم اِس کے ذریعے اس کے ساتھ سفر کرتے ہوئے واپس اپنے منبع میں مل سکتے ہیں۔ دریا نے محسوس کیا کہ اصلیت دِکھائی نہ دینے والے بخارات

ہیں اور اسی صورت میں وہ اُڑ سکتا ہے۔ •لکل اسی طرح ہم جا • کہ اصلیت میں ہم ا• ا• •رُوح ہیں اور•وہ •پرواز کر کے واپس خُدا •کے •پس جا سکتی ہے۔•. •ہم اپنی رُوح کو پہچا • گے، تو ہم بھی اُڑنے کے لیے ا•پنے •پر پھیلا سکیں •گے• کہ اس مادّی دُ • سے آ•گے •لائی رُوحانی و ••وں میں جا سکیں۔ ہم موت کی دہلیز •پر کر کے ا•ی و ••وں کو سمجھ سکیں گے۔

جس طرح •پنی کو اُڑنے کے لیے اپنی اصلیت یعنی بخارات کی صورت اختیار کر• •ڑی اسی طرح ہمیں اپنے بیرونی جسم کے دھوکے •سے •ہر نکل کر اپنی اصلیت یعنی رُوح کو اختیار کر• •ہے • کہ وہ •طنی رُوحانی دُ ••وں میں •پرواز کر سکے• دری• اپنے منبع کی طرف واپس جا سکتا ہے۔ اسی طرح ہم بھی اپنے اصل منبع، شعور •کے ا•ی سمندر جسے خُدا کہتے ہیں، کی طرف واپس جا• • ہیں۔ ہَوا •نے •پنی کو اپنے منبع کی طرف سفر کرنے میں مدد کی۔ اسی طرح مُرشدِ •پک ہمیں روشنی اور آواز کی رُوحانی دھارا سے جوڑ دیتے ہیں جو خُدا• • پہنچنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔ مُرشدِ •پک ہمیں جسم سے اُو•پر اُٹھا کر اور ا•پنے •زوؤں میں لے کر ہمیں واپس اپنے منبع • • لے جانے کے لیے آتے ہیں۔ ہمارا کام صرف یہ ہے کہ ہم ا•پنے •طن میں جھا• • کر اپنی اصلیت یعنی رُوح کا تجربہ کریں۔ ا•پنے •طن میں جھانکنے سے ہمیں پتہ چلتا ہے ہم اصلیت میں وہ چہرہ نہیں ہیں جو کہ آ• •ے• میں دِکھائی دیتا ہے۔ ہم ا• • درخشاں اور •بناک رُوح ہیں، جو روشنی سے بھرپور ہے۔•. •ہم اپنی اصلیت کو جان• • • ہیں • •ہم ز•گی کی و• • سے اُو•پر اُڑ • • ہیں اور دو•رہ پیار کے سمندر میں مل • • ہیں جہاں سے ہم آئے تھے۔

و• • نے دری• کو بتا• کہ وہ ہَوا کی طاقت کی سچّائی کو تجربے سے خود• • •کر لے • کہ اسے یقین ہو جائے۔ ہم بھی مُراقبہ کے ذریعے •طن میں جانے کا تجربہ کر• • ہیں • کہ •. • •ہو سکے کہ ہم اصلیت میں رُوح ہیں، خُدا کا ا• • •. •اور یہ کہ اس دُ • سے آگے کچھ اور بھی ہے۔ اِس کا تجربہ نہ کرنے میں خطرہ یہ ہے کہ ہماری ز•گی کے دن ختم

ہو جائیں گے اور ہمیں اپنی جسمانی مَوت کا سامنا ہو گا۔ کیا ہم اپنی زندگی کا اختتام یہ جانے بغیر کرنا چاہتے ہیں کہ اس زندگی سے آگے کیا چیز ہماری منتظر ہے؟ کیا ہم اپنی زندگی کے آخری ایّام اگلے جہان سے مکمل واقفیت کے ساتھ گزارنا چاہتے ہیں؟ اگر ہم اپنی زندگی ہی میں اپنی اصلیت کو نہیں پہچانیں گے اور یہ نہیں سمجھیں گے کہ موت کے بعد ہمارے ساتھ کیا ہو گا، ہم ناواقفیت کے خوف میں مبتلا رہیں گے۔ ہم مَوت کے خوف سے پریشان رہیں گے۔ لیکن اگر ہم مُراقبہ کریں گے تو ہم باطنی دنیاؤں کی شان و شوکت کے گواہ ہوں گے۔ ہم اس سمندر کی طرف سفر کریں گے جہاں سے ہماری رُوح آئی ہے جو کہ خُدا کی ابدی رُوح ہے۔

مُراقبہ کے لیے ہمیں اپنا مذہب تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ظاہری تبدیلی (conversion) کا عمل نہیں ہے، بلکہ باطنی تبدیلی (inversion) کا عمل ہے۔ یہ ایک غیر فرقہ وارانہ مُراقبہ کا طریقہ ہے، جو کہ اپنے مذہب، عقیدے اور ثقافت میں رہتے ہوئے اپنایا جا سکتا ہے۔ ہمیں صرف کسی آرام دہ حالت میں بیٹھ کر اپنی آنکھوں کو یوں بند کرنا ہے، جیسا کے سونے کے وقت کیا جاتا ہے اور اپنے سامنے جو کچھ دِکھائی دے، اُس کے درمیان میں توجہ سے دیکھنا ہے۔ ابتدائی مُراقبہ میں، جسے کسی مُرشدِ کامل سے روشنی اور آواز کی بیعت حاصل ہونے سے پہلے کیا جا سکتا ہے، ہم من ہی من میں خُدا کے کسی بھی نام کو جو ہمیں آسان لگے دُہراتے ہیں۔ بیعت کے وقت ہمیں مُراقبہ کے لیے مکمل ہدایات سکھائی جاتی ہیں، جو کہ دو طرح کے مُراقبہ پر مشتمل ہیں، باطنی روشنی کا مُراقبہ، (نُورِ الٰہی کا مشاہدہ) اور باطنی آواز کا مُراقبہ (کلامِ آسمانی کا مشاہدہ)۔

باطنی روشنی کے مُراقبہ یا وِرد کے طریقہ کے لیے مُرشدِ کامل ہمیں رُوحانی طاقت سے بھرپور پانچ اسمائے اعظم بخشتے ہیں تاکہ اُنھیں دُہرانے سے ہمارا مَن پُرسکون رہے۔ یہ اسمائے مُبارک ہمارے من کو مصروف رکھتے ہیں، تاکہ کوئی خیال ہماری باطنی یکسوئیت میں رُکاوٹ نہ بنے۔ اِن پانچ اسمائے رُبّانی کو دُہرانے سے، جو کہ مُرشدِ پاک

کی توجہ سے چارج ہوتے ہیں، ہماری توجہ باطنی یا تیسری آنکھ پر مرکوز رہتی ہے، یہ آنکھ دونوں بھنوؤں کے درمیان ہے۔ وہاں سے یہ روشنی کا مشاہدہ کرنے لگتی ہے۔ ہمیں چمکتی ہوئی روشنیاں، روشنیوں کے دائرے یا کسی بھی رنگ کی روشنی مثلاً سنہری، سفید، زرد، پیلی، نیلی، بنفشی، سبز یا جامنی دِکھائی دیتی ہے۔ روشنی کے درمیان توجہ مرکوز ہونے سے ہم اِس روشنی میں منہمک ہو جاتے ہیں۔ ہمیں باطنی آسمان، ستارے، ایک چاند اور ایک سورج دِکھائی دے سکتا ہے۔ اس کے بعد ہمیں مُرشدِ پاک کی لطیف نورانی صورت دِکھائی دے گی، جو ہمیں باطنی سفر پر لے جائے گی۔

بیعت کے وقت ہم ایک دوسری مشق بھی سیکھتے ہیں جو کہ باطنی آواز پر مُراقبہ ہے۔ اس طریقے میں ہم رُوحانی موسیقی کو سنتے ہیں جو کہ ہمارے اندر مسلسل گونج رہی ہے۔ یہ سحر طاری کر دینے والی موسیقی، ہماری رُوح کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور اِسے ترقی دے کر اِس مادّی دُنیا سے آگے حیران کُن باطنی رُوحانی دُنیاؤں میں لے جاتی ہے۔

فقرائے کاملین اِن رُوحانی دُنیاؤں کے متعلق اپنے مشاہدات بیان کرتے ہیں۔

جوں جوں ہم بالائی دُنیاؤں میں اُوپر کی جانب بڑھتے ہیں، ہمیں عظیم رُوحانی شعور کا تجربہ ہوتا ہے۔ اِس زمین پر رہتے ہُوئے ہم مادّی دُنیا کا حصّہ ہیں، جس میں زیادہ مقدار مادّے کی ہے۔ اس لیے ہم میں شعور کی مقدار بہت کم ہے۔ اس دُنیا کی سب سے عظیم روشنی، جس کے متعلق ہم جانتے ہیں، ستاروں اور سورج کی روشنی ہے اور یہ روشنی باطنی بالائی منازل کی روشنی کے مُقابلے میں بہت ہلکی ہے۔ اِس دُنیا کا سب سے عظیم پیار رُوحانی پیار کی ہلکی سی جھلک ہے جو کہ باطنی دُنیاؤں کی پرواز کے دوران ملتا ہے۔ جن لوگوں کی مَوت کی دہلیز پر روشنی کے فرشتے سے ملاقات ہُوئی، وہ بتاتے ہیں کہ اس روشنی کے فرشتے نے ہمیں اتنا پیار دیا، جو دُنیا میں ملنے والے پیار کے مقابلے میں بہت زیادہ تھا اور وہاں کی روشنی زمین کی روشنی کے مقابلے میں بہت زیادہ تھی۔ اگر مَوت کی دہلیز پر پیار اور روشنی، بالائی دُنیاؤں کے آغاز میں اتنی زیادہ ہے تو آپ سوچ سکتے ہیں کہ

اُس سے اُوپر کی دُنیاؤں میں کتنا پیار اور روشنی ہوگی۔ وہ روشنی پیار بخشنے والی اور تسکین بخش ہے۔

ہر دُنیا رُوحانی موسیقی سے بھر پور ہے۔ خُدا سے ظاہر ہونے والی طاقت وہ سر چشمہ ہے، جو روشنی اور آواز کی دھارا کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ باطنی آواز وہ رُوحانی موسیقی ہے، جو کسی آلہ موسیقی یا صوتی تار کے بغیر پیدا ہوتی ہے۔ یہ گونجتی ہوئی آواز، ہر دُنیا میں، مختلف صورتوں میں سُنائی دیتی ہے۔ یہ آواز ہر دُنیا میں شعور کی مختلف حالتوں یا ہر دُنیا میں مادّہ اور شعور کی مقدار کے لحاظ سے تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ مادّے کی مقدار جتنی زیادہ ہوگی، آواز اُتنی ہی کم لطیف ہوگی۔ شعور کی مقدار جتنی بڑھتی جائے گی آواز اُتنی ہی زیادہ لطیف ہوگی۔

بالائی رُوحانی دُنیاؤں میں ہم نچلی مادّی دُنیاؤں کے چکر سے آزاد ہوتے ہیں اور اعمال (کرموں) کی دُنیا سے باہر ہوتے ہیں۔ جو اِس دُنیا میں داخل ہو جاتے ہیں وہ خالق کے پیار کے قانون کو سیکھ لیتے ہیں۔ اُن کا ہر سانس پیار سے بھر پور ہو جاتا ہے اور وہ پیار میں رنگے ہوتے ہیں۔ خُدا کے پیار کے علاوہ اُن میں کوئی خیال یا قول و فعل کسی دوسری چیز کے متعلق نہیں ہوتا، بلکہ خُدا کے پیار مشتمل ہوتا ہے۔ وہ روشن خیال رُوحیں ہوتی ہیں، جنھیں ہم 'پیار کا پیکر' نام سے پکارتے ہیں۔ ہم ایسی بہت سی برگزیدہ ہستیوں کی مثالیں جانتے ہیں، جنھوں نے اس دُنیا کو اپنی رحمت سے نوازا۔ فقرائے کامل، ولی اللہ، اور تمام مذاہب کے بانیان باطنی رُوحانی دُنیاؤں میں گئے اور اپنے زمانے کے لوگوں کو رُوحانی دُنیا میں جانے کا طریقہ سکھایا۔ ایک زندہ جاوید کامل مُرشد ہمیں خُدا سے جوڑنے کے لیے آتے ہیں تاکہ ہم رُوحانی شعور پا سکیں۔

کیوں نہ ہم روشنی اور آواز کی رُوحانی دھارا کی ہَوا کے ساتھ پرواز کریں۔ ہمارا کام صرف یہ ہے کہ ہم روشنی اور آواز کے مُراقبہ کا طریقہ سیکھیں تاکہ ہماری رُوح اِن حیران کُن رُوحانی دُنیاؤں میں جا سکے۔ مُراقبہ ہمیں خُدا کے نُور سے جُڑنے کے قابل

• بناہ ہے اور ہمارے ذرّۂ نوُر کو، منبعِ نوُر سے دوبارہ جوڑ دیتا ہے۔

ذاتی غور و فکر

آپ روحانی اعتبار سے کیا حاصل کرنہ چاہتے ہیں، اُس پہ غور کیجیے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے جو اقدام آپ کو ۃ ہیں اُن کی فہر ست بنائیے اور تفصیل دیجیے کہ آپ اپنے منصوبے کو کس طرح عمل میں لا • گے۔

مصنف کی مختصر سوانح

• .... راجندر سنگھ جی مہاراج پوری دُ • کے ا ی • منظور شدہ رُوحانی َ • و ہیں۔ آپ غیر منفعتی بین الاقوامی ادارہ (.U.S.A) 'Science of Spirituality' اور 'ساون • کر • ل رُوحانی مشن' کے صدر ہیں۔ یہ ادارے رُوحا • ، امن اور ا • نی • مات کے لیے وقف ہیں اور دُ • کے 40 ممالک میں ان کے 1600 سے ز • دہ مرا • قائم ہیں۔ مہاراج جی نے سیمینار (مکالمہ)، مراقبہ کیمپ، ٹیلی وی • ژن، ر • ڈیو، کتابوں اور رسائل وغیرہ کے ذریعے مراقبہ کی اپنے آسان لیکن مؤ • ثر طر • کو دُ • کے کروڑوں لوگوں • پہنچا • ہے۔ ظاہری اور • طنی سکون حاصل کرنے کے آپ کے اس طر • کو دُ • کے سیاسی، مذہبی اور رُوحانی رہنماؤں — سبھی نے منظور کیا ہے۔

آپ کی ادبی تخلیقات دُ • کی 50 سے ز • دہ ز • نوں میں • جمہ ہو چکی ہیں، جن میں 'آتم شکتی'، 'آتمک شا • کی کھوج'، 'آدھو • • یُ • میں ادھیاتم'، 'سچّا سُکھ' وغیرہ شامل ہیں۔ آپ کے متعدد مضامین مسلسل دُ • بھر کے رسائل و اخبارات میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ مہاراج جی کی تقر • یں پوری دُ • میں ٹیلی وی • ژن، ر • ڈیو اور انٹر • • کے ذریعے نشر ہوتی رہتی ہیں۔

• .... راجندر سنگھ جی مہاراج • • نی اتحاد کا • نس' اور 'متحدہ مذاہب عالم' اداروں کے صدر ہیں۔ آپ شکاگو میں 1993 میں ہوئی 'مذاہب عالم • رلیمنٹ' نیز روم، اٹلی میں 1994 میں ہوئی 'مذاہب عالم اور امن کا • نس' میں ا ی • اہم مقرر تھے۔ آپ نے امن عالم اور اتحاد کے لیے کئی مذہبی جلسوں اور متعدد بین الاقوامی • • نی اتحاد کا • • ... • ل

کا انعقاد کیا۔

• ۔۔۔ راجندر جی مہاراج متعدد اعزازات سے نوازے جا چکے ہیں۔ 1997 میں • نیویارک کے 'بین مذاہب مرکز' (Interfaith Center of New York) اور 'باہمی • • تفہیم مندر' (Temple of Understanding) نے آپ کو امن ... سے نوازا۔ • ریاستہائے متحدہ امریکہ کی بالٹیمور ریاست میں ایک دن 'یوم ۔۔۔ راجندر سنگھ' کے نام سے بھی منایا گیا۔ اقوامِ متحدہ کی 50 ویں سالگرہ، جو کہ نیویارک میں منائی گئی تھی، پر مہاراج جی نے ہزاروں لوگوں کو مراقبہ پر بٹھایا۔ آپ نے ایک جلسہ میں 'اقوامِ متحدہ' (United Nations) کے سیکریٹری جنرل کے اعزاز میں دعائیہ جلسے کا انعقاد کیا۔ فروری 1997 میں آپ کو 'قومی دعائیہ طعام' (National Prayer Breakfast) میں بطورِ خاص مدعو کیا گیا، جو امریکہ کے صدر بل ... کی صدارت میں دیا گیا تھا۔ آپ نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی (General Assembly) میں مذہبی و رُوحانی رہنماؤں کی صد سالہ امن تقاریب کے افتتاحی جلسے میں بھی خطاب کیا۔ ایلی نوئے ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ (Illionois Institute of Technology) نے ۔۔۔ راجندر سنگھ جی مہاراج کو ان کے امن اور تعلیم کے میدان میں کی گئی کوششوں کے لیے 'ممتاز رہنما ایوارڈ' (Distinguished Leadership Award) کے لیے منتخب کیا۔ 2004 میں جنوبی امریکہ کی دو یونیورسٹیوں نے مہاراج جی کو امن، تعلیم اور روحانیت کے میدان میں کی گئی کوششوں کے لیے ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی۔

... کی خدمت کے لیے آپ ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ آپ کے مشن میں مسلسل مفت ... پیتھک، ہومیو پیتھک اور آیورویدک دواخانے کام کرتے رہتے ہیں اور بوقت ضرورت مفت طبّی کیمپ لگائے جاتے ہیں۔ مشن کے ذریعے قدرتی آفات کے وقت ـــــ جیسے کولمبیا میں آئے آتش فشاں، میکسیکو میں آئے زلزلے، دلّی میں آئی باڑھ اور فلوریڈا میں آئے طوفان ـــــ میں پھنسے لوگوں کی امداد کی جاتی ہے۔ گجرات میں آئے

زلزلے کے دوران جب کئی شہر تباہ ہوگئے، تو مشن کے ذریعہ وہاں ایک گاؤں بھی بسایا گیا، جس میں کئی گھر، اسکول، مراقبہ ہال اور کمیونٹی سینٹر بھی بنائے گئے۔ حال ہی میں ایشیا میں آئی عظیم آفت سونامی کے لیے مشن نے فوراً 65,000/- ڈالر کی رقم جمع کی۔

مہاراج جی نے اپنی تعلیم سائنس اور ٹیکنالوجی میں حاصل کی ہے۔ آپ نے مشہور ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ آئی آئی ٹی مدراس (Indian Institute of Technology, Madras) سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں بی ٹیک (B.Tech.) اور آئی آئی ٹی شکاگو (Illinois Institute of Technology, Chicago) سے ماسٹر آف سائنس (M.S.) کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے اگلے 20 سالوں تک الیکٹرانکس، کمیونیکیشن اور کمپیوٹر کو اپنا میدانِ عمل بنایا اور کئی اوزاروں میں اہم جدت پیدا کی۔ سائنس، کمیونیکیشن اور کمپیوٹر کے میدان میں آپ کا تعاون ہونے کی وجہ سے آپ نے رُوحانیت کو سائنسی نقطۂ نظر سے پیش کیا ہے۔ مہاراج جی نے رُوحانیت کی سائنس اور مراقبے کو تمام عالم کے لیے آسان بنا دیا ہے، تاکہ لوگ اسے سمجھ سکیں اور خود اس کی مشق کر سکیں۔

. . .